Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 — منگل، 12 ستمبر 2023ء، 25 صفر المظفر 1445ھ، قیمت 20 روپے — شمارہ 134

گزشتہ سال اس تقریب میں عدالت کی ایک سالہ کارکردگی پر روشنی ڈالی تھی، ایک سال میں سپریم کورٹ نے ریکارڈ 23 ہزار مقدمات نمٹائے

آئینی ایشوز میں الجھا کر عدالت کا امتحان لیا گیا، چیف جسٹس

چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کا مزید کہنا تھا کہ زیر التوا مقدمات کی تعداد میں 2 ہزار کی کمی ہی کر سکے، سخت امتحان اور ماحول کا کئی مرتبہ عدالت خود شکار بنی

چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ فروری 2023 میں سپریم کورٹ کے سامنے کئی آئینی مقدمات آئے، آئینی ایشوز میں الجھا کر عدالت کا امتحان لیا گیا

اسلام آباد (خبر نگار) چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ فروری 2023 میں سپریم کورٹ کے سامنے کئی آئینی مقدمات آئے، آئینی ایشوز میں الجھا کر عدالت کا امتحان لیا گیا۔ نئے عدالتی سال کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے کہا کہ بطور چیف جسٹس آخری بار نئے عدالتی سال کی تقریب سے خطاب کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ سال اس تقریب میں عدالت کی ایک سالہ کارکردگی پر روشنی ڈالی تھی، ایک سال میں سپریم کورٹ نے ریکارڈ 23 ہزار مقدمات نمٹائے۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کا مزید کہنا تھا کہ زیر التوا مقدمات کی تعداد میں 2 ہزار کی کمی ہی کر سکے، سخت امتحان اور ماحول کا کئی مرتبہ عدالت خود شکار بنی۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ جو واقعات پیش آئے انہیں دہرانا نہیں چاہتا لیکن اس سے عدالتی کارکردگی متاثر ہوئی، تمام واقعات آڈیو لیکس کیس میں اپنے فیصلے کا حصہ بنائے ہیں۔ نامزد چیف جسٹس فائز عیسی سے متعلق انہوں نے کہا کہ میری نئے آنے والے چیف جسٹس سے مختلف رائے ہو سکتی ہے لیکن نئے آنے والے چیف جسٹس پاکستان قابل تعریف انسان ہیں۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ میڈیا معاشرے کی آنکھیں اور کان ہیں لیکن میرے حوالے سے میڈیا میں غلط رپورٹنگ بھی کی گئی، گڈ ٹو سی یو والے میرے جملے کو غلط رنگ دیا گیا، شارٹ اینڈ سویٹ ججمنٹ بارے آبزرویشن (بقیہ نمبر 1)

نگران وزیر دفاع سے آسٹریلوی ہائی کمشنر کی ملاقات، دفاعی تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق

نگران وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) انور علی حیدر سے آسٹریلوی ہائی کمشنر مسٹر نیل ہاکنز نے ملاقات کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نگران وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) انور علی حیدر سے آسٹریلوی ہائی کمشنر مسٹر نیل ہاکنز نے ملاقات کی، ملاقات میں دفاعی تعلقات مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ نگران وزیر دفاع اور آسٹریلوی ہائی کمشنر کی ملاقات کے دوران علاقائی (بقیہ نمبر 4)

IG اسلام آباد کو کسی دوسرے طریقے سے بلانا مناسب نہیں لگے گا، لاہور ہائیکورٹ

آئی جی اسلام آباد کو کسی دوسرے طریقے سے بلانا مناسب نہیں لگے گا، اللہ نے کسی کو عزت دی ہے تو اسے برقرار رکھے

لاہور (خبر نگار) ہائی کورٹ نے توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہیں کہ آئی جی اسلام آباد کو کسی دوسرے طریقے سے بلانا مناسب نہیں لگے گا، اللہ نے کسی کو عزت دی ہے تو اسے برقرار رکھے۔ سابق وزیراعلی پنجاب پرویز ا (بقیہ نمبر 3)

بانی پاکستان انسانی آزادی کے علمبردار تھے، آصف علی زرداری

75 ویں یوم وفات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پاکستان انسانی آزادی کے علمبردار تھے

کراچی (خصوصی رپورٹر) پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین اور سابق صدر آصف علی زرداری نے قائداعظم کے 75 ویں یوم وفات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پاکستان انسانی آزادی کے علمبردار تھے۔ بابائے قوم کی برسی کے موقع پر جاری (بقیہ نمبر 2)

انوار الحق کاکڑ نے قائداعظم کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ سب کو مل کر پاکستان کی ترقی کیلئے محنت کرنا ہوگی

ہمیں قائداعظم کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے، انوار الحق کاکڑ

آئین قائداعظم کے 14 نکات کی نمائندگی کرتا ہے، پاکستان اس وقت ایک مشکل دور سے گزر رہا ہے اور ہمیں قائد کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم وفات پر اپنے پیغام میں نگران وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہم قائداعظم کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، ان کی قیادت کے بغیر آزاد ریاست کا خواب پورا نہ ہوتا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نگران وزیراعظم انوار الحق نے کہا کہ پاکستان مشکل دور سے گزر رہا ہے، ہمیں قائد کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم وفات پر اپنے پیغام میں نگران وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہم قائداعظم کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، ان کی قیادت کے بغیر آزاد ریاست کا خواب پورا نہ ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ آئین قائداعظم کے 14 نکات کی نمائندگی کرتا ہے، پاکستان اس وقت ایک مشکل دور سے گزر رہا ہے اور ہمیں قائد کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے قائداعظم کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ سب کو مل کر پاکستان کی ترقی کیلئے محنت کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آئین قائداعظم کے 14 نکات کی (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فنڈز کی عدم فراہمی پر اندرون بیرون ملک 30 سے زائد پروازیں معطل ہونے کا خدشہ

کراچی (سٹاف رپورٹر) قومی ایئر لائن پی آئی اے کو فنڈز کی عدم فراہمی پر اندرون بیرون ملک 30 سے زائد پروازیں معطل ہونے کا خدشہ ہے، رقم فوری نہ ملنے کی صورت پی آئی اے کے (بقیہ نمبر 9)

پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت پر سماعت (آج) تک ملتوی

پرویز الٰہی کے وکیل عبدالرازق عدالت پیش ہوئے، پراسیکیوشن کی جانب سے ریکارڈ جمع نہ کروایا جاسکا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عدالت نے پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت پر سماعت (آج) تک ملتوی کردی۔ تفصیلات کے مطابق اے ٹی سی اسلام آباد میں جج ابوالحسنات نے سابق وزیراعلی کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ پرویز الٰہی کے وکیل عبدالرازق عدالت پیش ہوئے، پراسیکیوشن کی (بقیہ نمبر 10)

صدر مملکت کی جانب سے کسی بھی وقت الیکشن کی تاریخ دیئے جانے کا امکان

صدر مملکت کی وزیر قانون سے ملاقات میں الیکشن تاریخ کے اعلان پر بات ہوئی ہے، وزارت قانون کی رائے ہے

دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف نے بھی صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو الیکشن کی تاریخ دینے کے لئے خط لکھ دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ذرائع کے مطابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کسی بھی وقت الیکشن کی تاریخ کا اعلان کر سکتے ہیں۔ ذرائع نے مزید بتایا صدر مملکت کی وزیر قانون سے ملاقات میں الیکشن تاریخ کے اعلان پر بات ہوئی ہے، وزارت قانون کی رائے ہے کہ انتخابات کی تاریخ کا (بقیہ نمبر 6)

سکھر: الیکشن آج ہوں یا کل، دیوار پر لکھا جا چکا حکومت پیپلز پارٹی کی ہوگی: بلاول بھٹو

پی پی پی قائداعظم کی سیاسی سوچ اور فلسفے پر عمل پیرا ہے، بلاول بھٹو

قائداعظم صدیوں میں پیدا ہونے والے کرشماتی لیڈر اور سیاسی مدبر تھے، چیئرمین پی ٹی آئی

بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ قائداعظم کا جمہور دوست نظریہ اور جدید اسلامی فلاحی ریاست کا ویژن مشعلِ راہ ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قائداعظم کے 75 ویں یوم وفات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قائداعظم صدیوں میں پیدا ہونے والے کرشماتی لیڈر اور سیاسی مدبر تھے۔ پی پی پی چیئرمین نے بابائے قوم کی برسی کے موقع پر جاری (بقیہ نمبر 11)

نگران حکومت کی چینی ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی

کارروائی کے بعد چینی کی قیمتوں میں زبردست کمی آنا شروع ہوگئی

جڑانوالہ (خصوصی رپورٹر) نگران حکومت کی چینی ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کے بعد چینی کی قیمتوں میں زبردست کمی آنا شروع ہوگئی، فیصل آباد میں چینی کے بڑے پانچ شوگر مافیا بے (بقیہ نمبر 7)

لاہور: ڈپٹی چیئرمین نیب ظاہر شاہ نے اپنے عہدے سے استعفی دے دیا

پاکستانی حدود میں کسی دوسرے ملک کی تعمیرات قبول نہیں، دفتر خارجہ

ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہ پاکستان تمام دوطرفہ مسائل اور خدشات کو تعمیری بات چیت کے ذریعے حل کرنے کیلئے تیار ہے

افغان حکومت بارڈر کی بندش کی وجوہات کو بخوبی جانتی ہے، پاکستان اپنی سرزمین کے اندر کسی بھی عمارت کی تعمیر کو قبول نہیں کرسکتا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی سرزمین کے اندر کسی بھی دوسرے ملک کی تعمیرات کو قبول نہیں کرسکتا، طورخم بارڈر کی صورتحال پر افغان دفتر خارجہ کا بیان حیران کن ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہ افغان حکومت بارڈر کی بندش کی وجوہات کو بخوبی جانتی ہے، پاکستان اپنی سرزمین کے اندر کسی بھی عمارت کی تعمیر کو قبول نہیں کرسکتا، پاکستانی حدود کے اندر افغانستان کی تعمیرات پاکستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر کو افغان فوجیوں نے پرامن حل کے بجائے پاکستانی چوکیوں پر بلااشتعال فائرنگ کی، افغان فوجیوں نے طورخم بارڈر کے ٹرمینل کو نقصان پہنچایا، بلااشتعال فائرنگ نے پاکستانی اور افغان شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالا جب انہیں ڈھانچے کی تعمیر سے (بقیہ نمبر 8)

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے عالمی بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجے بن حسین کی ملاقات

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے عالمی بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجے بن حسین نے ملاقات کی۔ ملاقات میں نگران وفاقی وزیر خزانہ شمشاد اختر بھی موجود تھیں۔ وزیراعظم آفس میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ عالمی بینک پاکستان کے پسماندہ علاقوں بالخصوص بلوچستان کے دورافتادہ علاقوں کی ترقی کے لئے کردار ادا کر رہا ہے، حکومت (بقیہ نمبر 14)

آر ڈی اے نے پرواز مارکیٹنگ کمپنی کے مالک کو شوکاز نوٹس جاری کردیا

غیر قانونی ہاوسنگ سکیم روڈن انکلیو کی قرعہ اندازی سے اجتناب کریں، ڈی جی آر ڈی اے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد سیف انور جپہ کی ہدایت پر میٹروپولیٹن پلاننگ اینڈ ٹریفک انجینئرنگ ڈائریکٹوریٹ نے اڈیالہ روڈ ر (بقیہ نمبر 12)

آڈیو لیک، بشریٰ کا اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع

گھر کی ٹیلیفون کی ریکارڈنگ کو غیر قانونی، اختیار سے تجاوز قرار دیا جائے، استدعا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے آڈیو لیک کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے اپنی اور زلفی بخاری کی آڈیو لیک کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا ہے، سردار لطیف (بقیہ نمبر 13)

عارف علوی الیکشن کی تاریخ دیکر غیر یقینی صورتحال پیدا کرنا چاہتے ہیں، ن لیگ

چار سال میں معیشت کو تباہ اور ملک کو ڈیفالٹ کرنے والوں کا کٹھ پتلی ملک میں ایک نیا آئینی بحران پیدا کرنے پر تلا ہے

معیشت کی حالت بہتر اور ڈالر کی قیمت کم ہو رہی ہے، جب بھی ملک کی حالت بہتر ہوتی ہے تو پی ٹی آئی ملک کو غیر مستحکم کرتی ہے

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے کہا ہے کہ صدر عارف علوی الیکشن کی تاریخ دے کر معاشی، سیاسی اور آئینی بحران اور غیر یقینی صورتحال پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ چار سال میں (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: پاکستانی حدود میں کسی دوسرے ملک کی تعمیرات قبول نہیں: دفتر خارجہ

زیادتی کے مقدمے میں نامزد ملزم گرفتار ایک روپوش

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم ارائیں) زیادتی کے مقدمے میں نامزد ملزم گرفتار ایک روپوش۔ تفصیل کے مطابق ڈگری پولیس اسٹیشن میں گزشتہ روز ڈگری کے ملک محلے کے 16 سالہ لڑکے سے جنسی زیادتی کے واقعے کے درج مقدمے میں نامزد ملزمان امام بخش عرف مچھر اور حبیب میں سے (بقیہ نمبر 17)

جڑانوالہ، پسند کی شادی کے شاخسانہ پر مشتعل افراد کی فائرنگ

راہگیر بچہ زخمی، گھریلو ومعاشی حالات سے تنگ نوجوان نے خودکشی کرلی

جڑانوالہ (جنرل رپورٹر) پسند کی شادی کے شاخسانہ پر مشتعل افراد کی فائرنگ سے نوجوان کا باپ قتل، راہگیر بچہ زخمی، گھریلو ومعاشی حالات سے تنگ نوجوان نے خودکشی کرلی، ڈاکوؤں (بقیہ نمبر 19)

عام سائلین کے مقدمات کے بلاتاخیر فیصلے ہونے چاہئیں، اٹارنی جنرل پاکستان

کیسز کی تعداد بڑھ رہی ہے، کیسز کم کرنے کی کاوشوں کو سراہتے ہیں تاہم ابھی بہت کام کرنے کی ضرورت ہے، منصور عثمان اعوان

مقدمات کے بلاتاخیر فیصلے کرنے کے لیے سپریم کورٹ کو اپنی توانائیاں 185 کے تحت آئے کیسز کو سننے میں صرف کرنی چاہئیں

اسلام آباد (خبر نگار) اٹارنی جنرل پاکستان منصور عثمان اعوان نے کہا ہے کہ عام سائلین کے مقدمات کے بلاتاخیر فیصلے ہونے چاہئیں۔ عدالتی سال کے آغاز پر فل کورٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے کہا کہ کیسز کی تعداد بڑھ رہی ہے، کیسز کم کرنے کی کاوشوں (بقیہ نمبر 20)



لاہور: آئی جی اسلام آباد کو کسی دوسرے طریقے سے بلانا مناسب نہیں لگے گا: لاہور ہائیکورٹ

ایبٹ آباد میں تعلیمی بورڈ آفس کے قریب موٹر سائیکل حادثہ، نوجوان شدید زخمی

ایبٹ آباد (نیوز رپورٹر) ایبٹ آباد میں تعلیمی بورڈ آفس کے قریب موٹر سائیکل حادثہ میں ایک نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو میڈیکل ٹیم فوراً جائے حادثہ پر پہنچی۔ ایبٹ آباد میں تعلیمی بورڈ آفس کے قریب ایک سائیکل سوار تیز رفتاری کے باعث گھر کر حادثہ کا شکار ہوگیا، اطلاع (بقیہ نمبر 16)

سعودی عرب سے 20 سے زائد پاکستانی ڈی پورٹ

ڈی پورٹ ہونے والے پاکستانیوں کو سعودی حکام کی جانب سے امیگریشن کلیئرنس نہ ملنے پر واپس بھیجا گیا

کراچی/ریاض (سٹاف رپورٹر) سعودی عرب سے 20 سے زائد پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کردیا گیا، بے دخل پاکستانی جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچ گئے، تمام شہریوں کو سفری دستاویزات مکمل نہ ہونے اور دیگر سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر پاکستان واپس بھیجا گیا۔ سعودی عرب سے 20 سے زائد پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کردیا گیا ہے جنہیں سعودی ایئر لائن کے ذریعے کراچی پہنچایا گیا، ڈی پورٹ ہونے والے پاکستانیوں کو سعودی حکام کی جانب سے امیگریشن کلیئرنس نہ ملنے پر واپس بھیجا گیا ہے، وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے ڈی پورٹ ہونے والے مسافروں کے خلاف کارروائی کا آغاز کردیا (بقیہ نمبر 18)

پراسیکیوٹر جنرل کے بعد ڈپٹی چیئرمین نیب بھی مستعفی

ظاہر شاہ نے اپنا استعفی چیئرمین نیب کو بھجوا دیا

عہدے سے مستعفی ہونے کی وجوہات معلوم نہ ہوسکیں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین نیب نے استعفی دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیب میں استعفوں کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ پراسیکیوٹر جنرل اصغر حیدر کے بعد ڈپٹی چیئرمین نیب بھی مستعفی ہوگئے۔ ڈپٹی چیئرمین نیب ظاہر شاہ نے اپنا استعفی چیئرمین نیب کو بھجوا دیا۔ ذرائع کے حوالے سے (بقیہ نمبر 21)

حیسکو سب ڈویژن ڈگری میں ایکسین ڈگری علی رضا بھٹی کا تبادلہ کرکے انکی جگہ عمران خان اعوان کو ایکسین ڈگری تعینات کردیا گیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری میں مختلف محکموں میں تبادلے تفصیلات کے مطابق حیسکو سب ڈویژن ڈگری میں ایکسین ڈگری علی رضا بھٹی کا تبادلہ کرکے انکی جگہ عمران خان (بقیہ نمبر 22)

مریم نواز شریف کی ورسک روڈ پشاور میں دھماکے کی شدید مذمت

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز شریف نے ورسک روڈ پشاور میں دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے زخمیوں اور ان کے اہل خانہ سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو اپنے (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن

11 منشیات فروش گرفتار، ساڑھے 10 کلو سے زائد چرس برآمد، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، 11 منشیات فروش گرفتار، ساڑھے 10 کلو سے زائد چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 25)

تھانہ جاتلی کی حدود میں قتل کی لرزہ خیز واردات، مقتول کی بیوی کی مدعیت میں مقدمہ درج

اسلحہ سے مسلح ملزمان نے زمین کے تنازع پر سکندر نامی شخص کو ابدی نیند سلا دیا

گوجر خان (قمر شہزاد) زمین کا تنازع قیمتی جان لے گیا، اسلحہ سے لیس مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا، پولیس تھانہ جاتلی نے مقتول کی بیوہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا۔ تفصیلات کے مطابق نتھ چھتر تھانہ جاتلی کی رہائشی خاتون نے مقدمہ درج کراتے ہوئے اپنا موقف دیا کہ اس کا خاوند سکندر اعجاز فوج سے ریٹائرڈ ہے اس نے گاں میں ہی زمین موسومہ (بقیہ نمبر 23)

لاہور پولیس کی اشتہاری وعادی مجرموں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، سی سی پی او

لاہور (سٹاف رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کا کہنا ہے کہ لاہور پولیس نے رواں سال کے دوران اب تک 13888 اشتہاری مجرموں، 30582 عدالتی مفروروں اور 12801 عادی مجرموں کو گرفتار کیا ہے۔ پیر کو جاری (بقیہ نمبر 27)

ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرنیوالوں کیخلاف کاروائی کے احکامات جاری کردیئے

شہریوں کی سہولت اور ایمرجنسی گاڑیوں کی آمد ورفت کے لئے موثر انتظامات کئے جائیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان نے تمام سرکل و سیکٹر انچارجز کو ہسپتالوں کے باہر نو پارکنگ و ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرنیوالوں کیخلاف بلاتفریق کارروائی کے احکامات جاری کردیئے۔ انہوں نے کہا تمام سرکل و سیکٹر انچارجز اپنے ایریا میں موجود اور سرکاری و پرائیویٹ ہسپتالوں کا وزٹ کریں اور پارکنگ انتظامات کے حوالے سے ہسپتال انتظامیہ سے ملاقات کریں۔ ہسپتالوں کے ایمرجنسی اور داخلی راستوں کے باہر ریڑھی بانوں، رکشہ اسٹینڈ (بقیہ نمبر 28)

محسن نقوی کی زیر صدارت جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ ملتان میں پنجاب کابینہ کا 25 واں اجلاس

پنجاب کابینہ کا ورکرز کو ریلیف دینے کیلئے احسن اقدام، ورکرز کی کم از کم تنخواہ 32 ہزار روپے کرنے کی منظوری

کابینہ کا معذور افراد، بزرگوں اور طلبا و طالبات کیلئے بڑا ریلیف، میٹرو بس سروس اور اورنج لائن ٹرین میں مفت سفر کرسکیں گے

اسلام آباد: نگران وزیر قانون کی صدر سے ملاقات معمول کا حصہ ہے، مرتضی سولنگی

لاہور (خبر نگار) نگران وزیراعلی محسن نقوی کی زیر صدارت جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ ملتان میں پنجاب کابینہ کا 25 واں اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعلی، وزراء، مشیران، چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس، سیکرٹریز اور حکام ایئرپورٹ سے کوسٹرز میں سفر کرکے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ پہنچے۔ پنجاب کابینہ نے ورکرز کو ریلیف کی فراہمی کیلئے ورکرز کی کم از کم تنخواہ 32 ہزار روپے کرنے کی منظوری دی۔ وزیراعلی محسن نقوی نے کم از کم تنخواہ پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کابینہ کا معذور افراد، بزرگوں اور طلبا و طالبات کیلئے بڑا ریلیف، میٹرو بس سروس اور اورنج لائن میٹرو ٹرین پر فری سفر کرسکیں گے۔ کابینہ نے (بقیہ نمبر 31)

حیاتیاتی تنوع (بائیوڈائیورسٹی) کے استحکام کیلئے اقدامات ناگزیر ہیں

اکتوبر میں شجر کاری، مقامی پودوں کی کاشت سے سموگ کا مقابلہ کیا جائے، سید رضوان محبوب

فاریسٹ مینجمنٹ، ایکو سسٹم کی بحالی، لینڈ ڈی گریڈیشن کیلئے ہنگامی اقدامات کیے جائیں، چیئرمین وزیراعلی ٹاسک فورس

لاہور (خصوصی رپورٹر) چیئرمین وزیراعلی ٹاسک فورس برائے جنگلات وجنگلی حیات سید رضوان محبوب کی زیرصدارت اعلی سطحی اجلاس فاریسٹ کمپلیکس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری جنگلات مدثر وحید ملک سمیت ماحولیات، ڈبلیو ڈبلیو ایف، پی اینڈ ڈی، فشریز، جنگلی حیات و جنگلات کے (بقیہ نمبر 26)

بلاول نام بتائیں الیکشن سے کون بھاگ رہا ہے، حافظ حسین احمد

التوا کی بات تو زرداری نے کی، بلاول دبے لفظوں میں اپنے والد کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں

"کیئر ٹیکر" اقتدار کو "ٹیک اوور" کرنا چاہتے ہیں، "کاکڑ" کو "کاکڑ فارمولا" کے تحت لایا گیا ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنما و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ بلاول ادھوری بات نہ کریں نام لیکر بتائیں کہ کون الیکشن سے بھاگ رہا ہے حالانکہ الیکشن کے التوا کی بات تو زرداری نے کی ہے، بلاول دبے لفظوں میں اپنے والد کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں، ماضی میں جن کا بیانیہ "جو ڈٹ گیا وہ مرگیا" تھا آج ان کو "جو ڈر گیا وہ مرگیا" کا بیانیہ اپنانے پر خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اگر واقعی انتخابات چاہتی ہے تو آگے (بقیہ نمبر 30)

بجلی کی چوری پکڑ لی، بجلی چوری کرنے والے صارف محمد جاوید کے خلاف استغاثہ دائر کردیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیسکو ٹاسک فورس نے کھرڑیانوالہ کے علاقہ 194 رب جناح آبادی میں کامیاب چھاپہ مار کر بجلی کی چوری پکڑ لی، بجلی چوری کرنے والے صارف محمد جاوید کے (بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی، لیڈی ٹریفک اسٹاف لائن لین پابندی کے دوران بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سوار کا چالان کر رہی ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

پاکستان کی معدنی دولت

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں چھ کھرب ڈالر کے معدنی ذخائر موجود ہیں، 75 سالوں میں ہم نے اپنی قیمتی دولت پر توجہ نہیں دی، اب انشا اللہ اِس سے استفادہ کیا جائے گا، سرمایہ کاری کے لئے قائم کیا جانے والا قومی ادارہ سپیشل انوسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل) ایس آئی ایف سی(پاکستان کی ترقی کا بہترین ماڈل ہے، اس کے تحت ہم آگے بڑھیں گے اور سرمایہ کاری کے راستے میں حائل رکاوٹیں دور کریں گے۔ وہ اسلام آباد میں منعقدہ پاکستان منرل سمٹ کے افتتاحی سیشن سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریکوڈک منصوبہ ملکی تاریخ میں خاص اہمیت کا حامل ہے، 75 سال تک ہم کسی کارٹل یا سیاسی وجوہات کی بنا پر تذبذب کا شکار رہے۔ ریکوڈک میں پاکستان پر 10 ارب ڈالر جرمانہ کیا گیا اگر ہم یہ جرمانہ ادا کرتے تو سارا زرِمبادلہ اس پر خرچ ہو جاتا۔ تھر میں کوئلے کے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر موجود ہیں، آج کوئلے سے شروع ہونے والے منصوبے سے ہم فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ کھربوں ڈالر کے معدنی ذخائر رکھنے کے باوجود دیکھیں ہم کہاں کھڑے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ 1970 کی دہائی میں تعمیر کی گئی سٹیل ملز روس کی شراکت سے بنی، اِس کا خام مال درآمد کیا جاتا رہا، کالا باغ ڈیم میں لوہے کے ذخائر تک رسائی حاصل کی گئی تاہم اِسے بھلا دیا گیا، باوجود اس کے کہ آج کے دور میں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے اِسے سٹیل مل کے لئے خام مال کے طور پر استعمال کیا جا سکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی غلطیوں سے سیکھ کر ہمیں آگے بڑھنا ہوگا۔ چنیوٹ میں لوہے کے بڑے ذخائر ہیں بدقسمتی سے بدعنوانیوں کی وجہ سے ہم اِن سے فائدہ نہیں اٹھا سکے۔ منرل سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ ہمیں امید کا دامن کسی حال میں نہیں چھوڑنا چاہئے، یہ ہماری معاشرتی ذمہ داری ہے کہ ملکی معیشت میں اپنا کردار ادا کریں، حکومت نے پاکستان کے تمام اداروں سے مل کر ایف آئی ایف سی کے قیام کو یقینی بنایا۔ پاکستان کا پہلا منرل سمٹ پاکستان میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ داروں کو آسان کاروبار کے لئے نئے اصول وضع کرتا ہے۔ ہمیں سرمایہ کار دوست نظام کو یقینی بنانا ہے۔ ملک میں معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں جو کہ مشترکہ کاوشوں سے عمل پذیر لائے جا سکتے ہیں۔ معدنیاتی منصوبے ترقی کا زینہ ہیں کیونکہ ہماری سرزمین بہت سے معدنیات سے مزین ہے اور اس صلاحیت کو مکمل طریقے سے استعمال میں لانے کے لئے ہم غیر ملکی سرمایہ کاروں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ پاکستان میں چھپے خزانوں کو دریافت کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان کے پاس مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع ہیں، ہم درست معاشی سمت میں رواں دواں ہیں، ہمارے پاس کھربوں ڈالر کے اثاثے موجود ہیں جبکہ دوست ممالک اور عالمی کمپنیاں پاکستان میں کام کرنے کی خواہشمند بھی ہیں۔ خطہ ارض میں چھپے کھربوں ڈالرز کی معدنیات کی تلاش کے لئے عالمی اداروں کی توجہ مبذول کرائی گئی ہے، یہ قدم اگرچہ ہم نے خاصی تاخیر سے اٹھایا ہے تاہم اِس کے باوجود دیر آید درست آید کے مصداق یہ قدم پاکستان کا مستقبل بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے دنیا کا بہترین نہری نظام، انتہائی زرخیز مٹی، کھربوں ڈالر کے معدنی ذخائر، وسیع میدان، پہاڑ اور سمندر، زرعی اعتبار سے بہترین موسم، نوجوانوں پر مشتمل آبادی کا بڑا حصہ عوام کی حاکمیت کی علامت، ارلیمانی جمہوریت، دنیا کی بہترین افواج میں شامل فوج، گوادر اور کراچی کی بہترین بندرگاہیں، سی پیک کی تکمیل کی صورت پورے ملک میں پھیلا سڑکوں کا جال، بجلی، گیس، پانی، غرض ترقی کرنے کے لئے مطلوب ہر طرح کے وسائل دستیاب ہیں۔ تاخیر سے سہی لیکن موجودہ حکومت نے ملک کو درپیش معاشی چیلنجوں کے خلاف لائحہ عمل تو مرتب کیا، باوجود اس کے کہ اس کے پاس بہت زیادہ وقت نہیں تھا۔ ملک ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا، ہم سبز انقلاب کی جانب بڑھ رہے ہیں، دوست ممالک ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، سی پیک کا دوسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے اور ہم نے اپنی معدنیات کی کھوج کا بیڑہ بھی اٹھا لیا ہے۔ اگر ثابت قدمی سے اسی سمت آگے بڑھتے رہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم معاشی دلدل سے باہر نہ نکل سکیں، دہائیوں سے اٹھائے کشکول کو توڑ کر پھینک دینے میں کامیاب نہ ہوں۔ حکومتی اقدامات سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ پاکستان میں موجود معدنیات کے ذخائر کی تلاش میں کئی بین الاقوامی کمپنیاں دلچسپی رکھتی ہیں تاہم ماضی کے تجربات کی بنا پر تذبذب کا شکار رہی ہیں۔ امید ہے کہ آنے والی حکومتیں ملکی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی سیاسی مصلحتوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ان پالیسیوں کو جاری و ساری رکھیں گی۔ اب ماضی کی غلطیوں کو دہرانے کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے دنیا کا بہترین نہری نظام، انتہائی زرخیز مٹی، کھربوں ڈالر کے معدنی ذخائر، وسیع میدان، پہاڑ اور سمندر، زرعی اعتبار سے بہترین موسم، نوجوانوں پر مشتمل آبادی کا بڑا حصہ عوام کی حاکمیت کی علامت، ارلیمانی جمہوریت، دنیا کی بہترین افواج میں شامل فوج، گوادر اور کراچی کی بہترین بندرگاہیں، سی پیک کی تکمیل کی صورت پورے ملک میں پھیلا سڑکوں کا جال، بجلی، گیس، پانی، غرض ترقی کرنے کے لئے مطلوب ہر طرح کے وسائل دستیاب ہیں۔ تاخیر سے سہی لیکن موجودہ حکومت نے ملک کو درپیش معاشی چیلنجوں کے خلاف لائحہ عمل تو مرتب کیا، باوجود اس کے کہ اس کے پاس بہت زیادہ وقت نہیں تھا۔ ملک ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل چکا، ہم سبز انقلاب کی جانب بڑھ رہے ہیں، دوست ممالک ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، سی پیک کا دوسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے اور ہم نے اپنی معدنیات کی کھوج کا بیڑہ بھی اٹھا لیا ہے۔ اگر ثابت قدمی سے اسی سمت آگے بڑھتے رہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم معاشی دلدل سے باہر نہ نکل سکیں، دہائیوں سے اٹھائے کشکول کو توڑ کر پھینک دینے میں کامیاب نہ ہوں۔ حکومتی اقدامات سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ پاکستان میں موجود معدنیات کے ذخائر کی تلاش میں کئی بین الاقوامی کمپنیاں دلچسپی رکھتی ہیں۔

نگران حکومت چیلنجز سے نمٹنے کے لئے پرعزم

ریاست کی بنیادی کنجی یا کامیابی کا نکتہ اس کے داخلی استحکام کے ساتھ جڑا ہوتا ہے۔ داخلی استحکام ہی عملی طور پر اسے علاقائی اور خارجی محاذ پر موجود مسائل سے نمٹنے کی حقیقی طاقت فراہم کرتا ہے۔ سیاسیات میں ایک عمومی تھیوری یہ دی جاتی ہے کہ جو

پرواز

راؤ محمد طاہر

raotahirisb@gmail.com

بھی ریاست اپنے داخلی مسائل کے چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہے وہی اپنے خارجی مسائل سے نمٹ کر بہتری کا محفوظ راستہ تلاش کرنے کی بھی صلاحیت قائم کر سکتی ہے۔ ہمارے فیصلہ ساز افراد یا ادارے اگرچہ داخلی استحکام کی بات تو بڑی شدت سے کرتے ہیں مگر عملی طور پر ان کا طرز عمل یا اقدامات کی نوعیت داخلی مسائل سے نمٹنے میں عدم دلچسپی کی ہوتی ہے۔ ملک کے تمام سیاسی قائدین' دانشور' تجزیہ نگار اس نکتہ پر متفق نظر آتے ہیں کہ ہمارے تمام مسائل کی جڑ سیاسی عدم استحکام ہے۔ پوری دنیا ہمیں سمجھا رہی ہے کہ آپ کو اپنے مسائل حل کرنے کے لئے سیاسی استحکام چاہیے -ملک کو درپیش مشکلات 'مسائل اور بحرانوں سے نمٹنے کے لئے بروقت انتخابات کا انعقاد ناگزیر ہے۔

نگران وزیر اعظم کا تین سے چار میں عام انتخابات کے انعقاد کا عندیہ خوش آئند ہے۔ آئین بھی اس حوالے سے بڑا واضح ہے اسمبلی تحلیل کرنے کے بعد 90 روز میں انتخابات ناگزیر ہیں جن کی تعمیل ہی آئینی بالادستی اور جمہوریت کا اصول ہے۔ جمہوری روایت کا استحکام آئینی عمل داری کے بغیر محض خیال وخواب ہے اور جمہوری روایات کا احترام کرنے والے معاشروں میں انتخابات کے حوالے سے آئینی تقاضوں پر انتہائی خلوص اور نیک نیتی کے ساتھ عمل درآمد کو یقینی بنایا جاتا ہے۔

پاکستان میں سیاسی اور معاشی عدم استحکام کا خاتمہ ہی ملکی معیشت کو بہتر سمت میں گامزن کر سکتا ہے۔ لہٰذا ملک کے مفاد کا تقاضا ہے کہ نگران حکومت اپنی تمام تر توجہ ملک میں بروقت اور فوری عام انتخابات کی تیاری پر صرف کرے اور تمام سیاسی جماعتیں اور ادارے اس ضمن میں اس کے معاون و مددگار بنیں۔

ملک کی ترقی، سلامتی اور خودمختاری پوری قوم کا مسئلہ ہے اور ہمیں یہ سبق اجتماعی طور پر سوچنا ہوگا کہ ہم کیسے اپنی ماضی اور رحال کی غلطیوں یا دنیا کے تجربات سے سیکھ کر اپنے قومی ایجنڈے کو ایک نئی جہت دیں۔ اس کے لیے ہمیں داخلی مسائل سے نمٹنے کے لئے ایک مشترکہ ایجنڈا درکار ہے اور یہ ہی ہماری قومی ترجیحات کا حصہ ہونا چاہیے جہاں سب فریقین اپنے اپنے سیاسی اور قانونی یا آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے پاکستان کے مفاد کی جنگ لڑیں اور یہ ہی جنگ ہم سب کی اپنی جنگ ہونی چاہیے۔

ملک کو موجودہ معاشی واقتصادی بحران سے نکالنے کے لئے قلیل المدتی اور طویل المدتی پالیسیاں بنانی پڑیں گی قلیل المدتی پالیسی میں ہمیں اپنا مالی خسارہ کم کرنا پڑے گا جس کے لئے حکومتی اخراجات کو کم کرنا ہوگا جبکہ جو سرکاری ادارے نقصان میں چل رہے ہیں اور سرکار ان کو زندہ رکھنے کے لئے اربوں روپے دے رہی ہے ان کی یا تو نجکاری کرنی ہوگی یا انہیں منافع بخش بنانا ہوگا۔ پاکستان کو مختلف شعبوں میں بہتر درجہ بندی حاصل کرنے کے لئے معیشت کی تنظیم نو کرنا ہوگی خصوصاً ٹیکسوں اور توانائی کے شعبے میں علم پر مبنی معیشت اپنانا ہوگی۔

یہ انتہائی افسوس ناک امر ہے کہ ملک میں بیشتر اہم معاشی و مالیاتی پالیسیاں طاقتور طبقوں کے مفاد میں یا ان کے دباؤ پر بنائی جاتی ہیں خواہ اس کے لئے قانون سازی کرنی پڑے یا قانون کو توڑنا پڑے۔ ان نقصانات کو پورا کرنے کے لئے عوام پر بالواسطہ ٹیکسوں کا بوجھ ڈالا جاتا ہے 'ترقیاتی اخراجات وانسانی وسائل کی ترقی کے لئے کم رقوم مختص کی جاتی ہیں اور ملکی و بیرونی قرضوں پر بے تحاشا انحصار کیا جاتا ہے۔

یہی نہیں طاقتور طبقوں بشمول ٹیکس چوری کرنے والوں 'قومی دولت لوٹنے والوں 'بینکوں سے اپنے قرضے غلط طریقوں سے معاف کرانے والوں' پاکستان سے لوٹ کر یا ناجائز طریقوں سے حاصل کی ہوئی رقوم سے ملک کے اندر اثاثے بنانے یا ملک سے باہر اثاثے منتقل کرنے والوں کے مفادات کا تحفظ حکومت اور ریاستی اداروں کی جانب سے کیا جاتا رہا ہے۔ آج بھی ایک روپیہ قومی خزانے میں جمع کروائے بغیر ناجائز دولت کو قانونی تحفظ دینا ممکن ہے۔

عالمی مالیاتی ادارے تواتر کے ساتھ زراعت اور توانائی کے شعبے میں ٹارگٹڈ سبسڈی سمیت ایگری فوڈ سسٹم، شہری سہولیات اور توانائی کے شعبے میں بہتری کی اشد ضرورت کو اجاگر کر رہے ہیں۔ ملک میں گزشتہ کئی برسوں سے اختیار کی جانے والی پالیسیوں کا ہدف عوام سے زیادہ چند گنے چنے سرمایہ داروں کا مفاد رہا ہے ملک میں زیادہ تر آبادی کا ذریعہ معاش زراعت ہے۔ حکومتوں نے زرعی شعبے کے ساتھ مجرمانہ غفلت کی مسلسل پالیسی اختیار کر رکھی ہے ۔ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستان کا شمار زرعی ممالک میں ہوتا ہے ہماری مٹی بہت زرخیز ہے۔ زرعی شعبے میں جدت لانے اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لئے بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے حکومت اگر اپنے اہداف میں زرعی ترقی کو بھی شامل کر لے تو آئندہ چند سالوں میں نہ صرف پاکستان کو زرعی شعبے میں خود کفیل کیا جا سکتا ہے بلکہ اجناس اور زرعی مصنوعات برآمد کر کے اربوں ڈالر بھی کمائے جا سکتے ہیں۔

پاکستان 22 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا میں پانچویں نمبر پر ہے جبکہ ہر سال ایک محتاط اندازے کے مطابق آبادی میں چالیس سے پچاس لاکھ کا اضافہ ہو رہا ہے۔ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق 2050 تک ہماری آبادی چالیس کروڑ کے قریب پہنچ جائے گی اب اتنی بڑی آبادی کو بنیادی ضروریات فراہم کرنے اور اس آبادی سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لئے ٹھوس منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ ہمارا جی ڈی پی یا ترقی کی رفتار بعض ترقی پذیر ممالک سے کم ہے تاہم مثبت بات یہ ہے کہ ہماری آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے ان نوجوانوں کو مناسب تربیت دے کر معیشت کو ترقی دی جا سکتی ہے۔

پاکستان کی نوجوان آبادی نہ صرف پاکستان بلکہ خطے کے تجارتی شراکت داروں کے لیے بے پناہ ترقی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ ہر سال، پاکستان کو بیرونِ ملک مقیم پاکستانی محنت کشوں اور مزدوروں سے ترسیلاتِ زر کی شکل میں اربوں ڈالر حکومتِ پاکستان کی طرف سے معمولی خدمات کے عوض ملتے ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان جارحانہ موقف اپنائے اور اس نوجوان افرادی قوت کو بروئے کار لائے۔ آج کے نوجوان پاکستان کے لیے عالمی تجارت کے دروازے کھولنے اور اسے عالمی معاشی قوت بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

چوہدری فضل اور میں

فجر کی نماز اور قاری صاحب کے مختصر مگر مفید درس قرآن کے بعد کچھ دیر کی سیر کے بعد ہمارے جیسے تھک کر آرام کی جگہ تلاش کرنے والوں کے لیے رکھے گئے ایک بنچ پر بیٹھا میں کوئل کی کوں کوں، کووں کی کاں کاں، چڑیوں کی چڑ چڑ اور اپنے ناشتے کی تلاش میں دوسرے پرندوں کی آوازوں اور انہیں پھدکتے، ادھر ادھر آتے جاتے دیکھ کر اندر ہی اندر خوشی محسوس کر رہا تھا۔ کچھ اور سر پھرے جو اپنی پھیلتی ہوئی توندوں، بڑھتی شوگر کے علاج کے لئے اپنی بیگمات کے دبا اور ان کے ہی کہنے پر ڈاکٹر کے مشورے پر صبح کی سیر کے ساتھ ساتھ نگران حکومت کے قیام، مہنگائی پر بات چیت اور ناتمام سیاسی عدم

سید طارق جاوید مشہدی

استحکام پر بات کر رہے تھے۔ عین اس لمحے محلے کے لمبے تڑنگے چوہدری فضل کا گزر وہاں سے ہوا۔ مجھے دیکھ کر سلام کر کے میرے ساتھ بنچ پر بیٹھ گئے۔ کہنے لگے تم بھی خوشی کے ہارمون سیروٹونن کی تلاش میں سورج کی پہلی کرنوں میں بیٹھے ہو، میں نے بھی وہی پڑھا ہے جو تم نے پڑھا یعنی سورج طلوع ہونے سے لے کر ساڑھے نو بجے تک سورج کی کرنوں میں سیروٹونن ہارمون ملتا ہے۔ عرصے کے بعد میں نے ان کی بات پر قہقہہ لگایا کہ جیسے کوئی چوری پکڑی جاتی ہے ورنہ تو اب کم ہی ایسا موقع ملتا ہے کہ کھل کر ہنسا جائے۔ میں نیسورج کی طرف سے آنے والی کرنوں میں سے سیروٹونن جسم میں اترتا ہوا محسوس کیا اور شعوری طور پر خوشی کا اظہار بھی کیا۔ اچانک چوہدری صاحب نے ایک سوال کیا کہ تمہاری نظر میں سب سے بڑا خوف کیا ہے؟ میں نے کہا ان ہونی کا خوف، یہ نہ ہو جائے،، وہ نہ ہو جائے۔۔ اگر ایسا ہو گیا تو۔۔۔؟

کہنے لگے اس میں رزق کے ختم یا چھن جانے کا خوف بھی شامل کر لو اور پھر اس سے بھی بڑا خوف نوکری جانے کا خوف ہے۔ زندگی میں موت سے پہلے اس سے بڑا خوف کوئی اور نہیں کہ موت کو بھگتنے والا کبھی واپس نہیں آیا کہ وہ بتا سکے کہ یہ کیا چیز ہے۔ بس رزق کا خوف ہمیں مار دیتا ہے۔ ہماری صلاحیتوں کو کھا جاتا ہے۔ ہمیں گیدڑ بنا دیتا ہے۔ جب کہ اللہ کا وعدہ کہ ہمیں ہمارے حصے کا رزق ضرور دے گا اور ہمارا حال یہ ہے کہ ہم اللہ پر ہی اعتماد نہیں کرتے۔ کہنے لگے کہ زندگی بھر کا نچوڑ یہ ہے کہ اپنا کام صحیح سمت میں کرنے کی بھرپور کوشش کرو، صبر کرو اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دو۔ اللہ کو یہ کائنات چلانے کا کھربوں سال کا تجربہ ہے، وہ بہترین جاننے والا ہے اور ہمیں بہترین دینے والا ہے۔ کہنے لگے، یہ جو سامنے پرندے اپنی خوراک تلاش کر کے کھا رہے ہیں ان کی کوئی جاب نہیں، کوئی بزنس نہیں، پھر بھی کس قدر خوش ہیں، خوش نہیں بھی ہیں تو انسانوں کی طرح اداس نہیں، کم از اس وقت تو بالکل نہیں۔ یہ سب اس لئے ہے کہ انہیں رزق چھن جانے کو خوف نہیں، انہیں نوکری یا کاروبار ختم ہونے کا خوف نہیں۔ سوچو ذرا کہ ہم انسان تو عقل و شعور والے ہیں، ہمیں تو اللہ نے ہر طرح سے منفرد پیدا کیا ہے۔ پھر بھی ہم خوف زدہ ہوتے ہیں کہ ہائے یہ کیا ہو گیا۔ خدارا خوف کے بت توڑ دو، بس نماز پڑھتے ہوئے صراط مستقیم کی گہرائی اور وسعت کو سمجھو، زندگی سورج کی ان کرنوں کی مانند خوب صورت ہو جائے گی جو لینے کے لئے تم اس بنچ پر بیٹھے ہو۔ وہ اٹھے اور لمبے لمبے قدموں سے میری نظروں سے اوجھل ہوتے چلے گئے۔

میں نے ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھا، ہلکی ٹھنڈی ہوا میں، سورج کی پھیلتی کرنوں کو ایک بار پھر اپنے اندر اترتا محسوس کیا، سیروٹونن کو اپنے اندر جذب کرتا، بنچ سے اٹھا، شبنمی گھاس کی تہ سے اپنا ہاتھ تر کر کے اپنے چہرے کو تر و تازہ کیا اور اپنے آپ سے وعدہ کیا کہ سب سے بڑے خوف سے نجات کی کوشش تو کرو۔ فجر کی نماز اور قاری صاحب کے مختصر مگر مفید درس قرآن کے بعد کچھ دیر کی سیر کے بعد ہمارے جیسے تھک کر آرام کی جگہ تلاش کرنے والوں کے لیے رکھے گئے ایک بنچ پر بیٹھا میں کوئل کی کوں کوں، کووں کی کاں کاں، چڑیوں کی چڑ چڑ اور اپنے ناشتے کی تلاش میں دوسرے پرندوں کی آوازوں اور انہیں پھدکتے، ادھر ادھر آتے جاتے دیکھ کر اندر ہی اندر خوشی محسوس کر رہا تھا۔ کچھ اور سر پھرے جو اپنی پھیلتی ہوئی توندوں، بڑھتی شوگر کے علاج کے لئے اپنی بیگمات کے دبا اور ان کے ہی کہنے پر ڈاکٹر کے مشورے پر صبح کی سیر کے ساتھ ساتھ نگران حکومت کے قیام، مہنگائی پر بات چیت اور ناتمام سیاسی عدم استحکام پر بات کر رہے تھے۔ عین اس لمحے محلے کے لمبے تڑنگے چوہدری فضل کا گزر وہاں سے ہوا۔ مجھے دیکھ کر سلام کر کے میرے ساتھ بنچ پر بیٹھ گئے۔ کہنے لگے تم بھی خوشی کے ہارمون سیروٹونن کی تلاش میں سورج کی پہلی کرنوں میں بیٹھے ہو، میں نے بھی وہی پڑھا ہے جو تم نے پڑھا یعنی سورج طلوع ہونے سے لے کر ساڑھے نو بجے تک سورج کی کرنوں میں سیروٹونن ہارمون ملتا ہے۔ عرصے کے بعد میں نے ان کی بات پر قہقہہ لگایا کہ جیسے کوئی چوری پکڑی جاتی ہے ورنہ تو اب کم ہی ایسا موقع ملتا ہے کہ کھل کر ہنسا جائے۔ میں نیسورج کی طرف سے آنے والی کرنوں میں سے سیروٹونن جسم میں اترتا ہوا محسوس کیا اور شعوری طور پر خوشی کا اظہار بھی کیا۔ اچانک چوہدری صاحب نے ایک سوال کیا کہ تمہاری نظر میں سب سے بڑا خوف کیا ہے؟ میں نے کہا ان ہونی کا خوف، یہ نہ ہو جائے،، وہ نہ ہو جائے۔۔ اگر ایسا ہو گیا تو۔۔۔؟

کہنے لگے اس میں رزق کے ختم یا چھن جانے کا خوف بھی شامل کر لو اور پھر اس سے بھی بڑا خوف نوکری جانے کا خوف ہے۔ زندگی میں موت سے پہلے اس سے بڑا خوف کوئی اور نہیں کہ موت کو بھگتنے والا کبھی واپس نہیں آیا کہ وہ بتا سکے کہ یہ کیا چیز ہے۔ بس رزق کا خوف ہمیں مار دیتا ہے۔ ہماری صلاحیتوں کو کھا جاتا ہے۔ ہمیں گیدڑ بنا دیتا ہے۔ جب کہ اللہ کا وعدہ کہ ہمیں ہمارے حصے کا رزق ضرور دے گا اور ہمارا حال یہ ہے کہ ہم اللہ پر ہی اعتماد نہیں کرتے۔ کہنے لگے کہ زندگی بھر کا نچوڑ یہ ہے کہ اپنا کام صحیح سمت میں کرنے کی بھرپور کوشش کرو، صبر کرو اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دو۔ اللہ کو یہ کائنات چلانے کا کھربوں سال کا تجربہ ہے، وہ بہترین جاننے والا ہے اور ہمیں بہترین دینے والا ہے۔ کہنے لگے، یہ جو سامنے پرندے اپنی خوراک تلاش کر کے کھا رہے ہیں ان کی کوئی جاب نہیں، کوئی بزنس نہیں، پھر بھی کس قدر خوش ہیں، خوش نہیں بھی ہیں تو انسانوں کی طرح اداس نہیں، کم از اس وقت تو بالکل نہیں۔ یہ سب اس لئے ہے کہ انہیں رزق چھن جانے کو خوف نہیں، انہیں نوکری یا کاروبار ختم ہونے کا خوف نہیں۔ سوچو ذرا کہ ہم انسان تو عقل و شعور والے ہیں، ہمیں تو اللہ نے ہر طرح سے منفرد پیدا کیا ہے۔ پھر بھی ہم خوف زدہ ہوتے ہیں کہ ہائے یہ کیا ہو گیا۔ خدارا خوف کے بت توڑ دو، بس نماز پڑھتے ہوئے صراط مستقیم کی گہرائی اور وسعت کو سمجھو، زندگی سورج کی ان کرنوں کی مانند خوب صورت ہو جائے گی جو لینے کے لئے تم اس بنچ پر بیٹھے ہو۔ وہ اٹھے اور لمبے لمبے قدموں سے میری نظروں سے اوجھل ہوتے چلے گئے۔ میں نے ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھا، ہلکی ٹھنڈی ہوا میں۔

آئی ایم ایف کے ٹیکے

اس حکومت نے جاتے جاتے عوام کو پٹرول کا ٹیکہ لگا دیا ہے، جب آئی تھی تب بھی لگایا تھا۔ اس وقت اس لئے لگایا تھا کہ آئی ایم ایف سے قرض لینا تھا، اب اس لئے لگا دیا ہے کہ آئی ایم ایف سے قرض مل گیا ہے۔ یہ پٹرول کے نہیں آئی ایم ایف کے ٹیکے ہیں جو پوری قوم کو لگ رہے ہیں۔ پچھلی حکومت بھی عوام کو اسی طرح ٹیکے لگا رہی تھی جس طرح مرغی کے بچوں کو مرغی خانے میں ہاتھ سے

حامد ولید

دبوچ کر سوئی چبوئی جاتی ہے۔ پاکستانی عوام کو اب تک اتنے ٹیکے لگ چکے ہیں کہ اب ہماری عورتوں میں مردانہ اور مردوں میں زنانہ اوصاف ہویدا ہوتے جا رہے ہیں، یہ ان ٹیکوں کا ری ایکشن ہے جو کبھی اسٹیبلشمنٹ اور کبھی سیاسی رہنما ترقی کے نام پر عوام کو لگاتے رہے ہیں۔

عمران خان نے تو طفل تسلیوں کے ایسے ٹیکے لگائے کہ ان کے ظلے شاہ فوجی تنصیبات پر چڑھ دوڑے۔ یہ ان ٹیکوں کا کمال تھا جو عمران خان نے خود کو اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے لگنے والے ٹیکے کے ری ایکشن کے طور پر اپنے فالوورز کو لگایا تھا۔ اس کے بعد اب اسٹیبلشمنٹ ایک ایک شرپسند کو پکڑ کر ٹیکے لگا رہی ہے اور سپریم کورٹ ڈیکسی نیشن کو کپڑوں والی الماری میں چھپانے کے جتن کرتی نظر آ رہی ہے۔ اس پر ہمیں ایک ناول ماہی ماہی کوکدی یاد آ گیا جس میں جاگیردار باپ کو جب پتہ چلتا ہے کہ اس کی بیٹی سائس کو دل دے بیٹھی ہے تو اسے کمرے میں لے جا کر الماری میں شیشی نکال کر دو گھونٹ پلا دیتا ہے تو بیٹی کی حالت غیر ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ وہ اسے آرام سے بستر پر لٹا کر اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے روتا ہے تو بیٹی کہتی ہے بابا ایک بات پوچھوں، کیا پھوپھو کو بھی اسی شیشی سے دوا پلائی تھی!

خیر پٹرول کی قیمت میں 20 روپے اضافہ کیا ہوا پی ٹی آئی کے حامیوں نے سوشل میڈیا پر طوفان برپا کر دیا۔ ڈھونڈ ڈھونڈ کر مریم اورنگ زیب، شہباز شریف اور مریم نواز کی فوٹیج چلائی گئی جس میں وہ عمران حکومت کی جانب سے پٹرول کی قیمت میں اضافے پر سیخ پا ہوتے پائے گئے۔ کہیں مریم اورنگ کہہ رہی تھیں کہ پٹرول کی قیمت میں اضافہ کرتے ہوئے تمہیں شرم نہیں آئی اور کہیں شہباز شریف عوام کے دکھ میں اپنا دکھ گھولتے پائے گئے۔ غرض یہ کہ جیسے تیسے ہو سکا پی ٹی آئی کے حامیوں نے نون لیگیوں کو ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ہور چوپو۔ یہی نہیں بلکہ جہاں کہیں کوئی نون لیگیا نظر آیا جھٹ سے فقرہ کستے پائے گئے کہ ہن آرام اے! ہم اپنے پی ٹی آئی کے دوستوں سے بس اتنا پوچھنا چاہیں گے کہ جب اسحٰق ڈار نے پٹرول کی قیمت میں 23 روپے کی ایک دفعہ اور دس بارہ روپے کی ایک دفعہ کمی کی تھی تب تو آپ نے سوشل میڈیا پر کوئی شور نہیں مچایا تھا، تب تو پتہ نہیں آپ کو کیا موت پڑ گئی تھی کہ کوئی کسکنے کو تیار نہ تھا۔ گویا ثابت ہوا کہ خالی عمران خان نہیں ان کے حواری بھی غضب کے لوگ ہیں، لگتا ہے کہ انہیں پٹرول کے بڑھنے کم ہونے سے اتنا فرق نہیں پڑتا، ان کی چیخیں نہیں نکلتیں، ان کا کلیجہ منہ کو نہیں آتا جتنا یہ بات سوچ کر ان کو غشی کے دورے پڑنے لگتے ہیں کہ نواز شریف چوتھی مرتبہ ملک کا وزیراعظم بننے جا رہا ہے۔ کیا کمال کا دکھ پایا ہے ہمارے پی ٹی آئی کے دوستوں نے کہ اس دکھ کے سامنے اپنا ہر دکھ بھول گئے ہیں۔ اس صورت حال کو کوئی اور اپنے فائدے کے لئے استعمال کرے نہ کرے، ہماری اسٹیبلشمنٹ نے خوب کیا ہے۔ جس نے پہلے عمران خان کو گود میں اٹھایا ہوا تھا اور اب شہباز شریف کے صدقے واری جا رہی ہے۔ یہ ہماری آپسی اناں کی جنگ ہے جس نے اسٹیبلشمنٹ کو چھا جانے کی ہمت عطا کی ہے۔

Email: info@awamilalkaar.com
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

اشاعت خاص

☆☆☆ ڈیجیٹل میڈیا وقت حاضر کی اہم ضرورت ☆☆☆

وزیراعلی پنجاب کا تمام سرکاری محکموں کو جدید انداز میں بنانے کا اہم مشن

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز حکومت اور عوام کے درمیان بہترین رابطہ

ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشنز کے ورکنگ سٹائل میں ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا استعمال ترقی کی طرف گامزن

محکمہ تعلقات عامہ میں ڈیجیٹل میڈیا ونگ کا قیام حکومت پنجاب اور عوام کے درمیان براہ راست رابطہ کا ذریعہ

سوشل میڈیا ٹرینڈز کو دیکھتے ہوئے حکومتی پالیسیوں کو عوام دوست بنایا جا رہا ہے

وزیراعلی پنجاب کے تمام دوروں کی تفصیلات حکومت پنجاب کے تمام سوشل میڈیا پیج پر موجود

ڈیجیٹل میڈیا نے حکومتوں فلاحی اعلانات اور پالیسیوں کو عوام تک پہنچانے کا نیا ذریعہ فراہم کیا ھے

تحریر۔۔ عظمیٰ رباب
انفارمیشن آفیسر ڈی پی آر لاہور آف

موجودہ نگران حکومت کی خاص بات یہ ہے کہ وزیراعلی پنجاب محسن نقوی اور وزیر اطلاعات وثقافت عامر میر خود صحافتی بیک گراونڈ سے ہیں اور ڈیجیٹل میڈیا کی اہمیت کو بخوبی سمجھتے ہیں۔ ان کی نگرانی میں ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشن پنجاب کے ورکنگ سٹائل میں ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا استعمال اب تیزی سے ترقی کی طرف گامزن ہے۔ ادارہ ہذا میں ڈیجیٹل میڈیا ونگ قائم کیا گیا ہے جو کہ حکومت پنجاب اور عوام کے درمیان براہ راست رابطہ کا ذریعہ ہے۔ [illegible] سوشل میڈیا ٹرینڈز کو دیکھتے ہوئے حکومتی پالیسیوں کو عوام دوست بنایا جا رہا ہے۔ وزیراعلی پنجاب صحت کی سہولیات کی جانب خاص توجہ دے رہے ہیں اور اکثر کسی نہ کسی ہسپتال میں انتظامات کا جائزہ لیتے نظر آتے ہیں۔ انکے تمام دوروں کی تفصیلات حکومت پنجاب کے تمام سوشل میڈیا پیج جسکی بدولت ہسپتالوں میں علاج معالجہ کے معاملات میں بہتری آئی ہے۔ حکومت کو ڈیجیٹل میڈیا کے توسط سے عوامی مسائل کو سمجھنے پرکھنے اور انکے مطابق عوام دوست پالیسیاں بنانے میں مدد مل رہی ہے۔

ایک وقت تھا جب گلوبل ویلج کا تصور بہت نیا تھا اور لوگوں کو اس اصطلاح کے بارے میں ایک فیصد بھی علم نہیں تھا۔ پھر جیسے جیسے ٹیکنالوجی سے آگاہی ہوتی گئی اس کا مطلب بخوبی سمجھ آنے لگا۔ ٹیلی کمیونیکیشن اور انٹرنیٹ نے دنیا کو ایک دوسرے سے جوڑ دیا۔ انٹرنیٹ نے نہ صرف دنیا میں رہنے والے لوگوں کو ایک دوسرے سے جوڑا بلکہ ممالک کے سفارتی تعلقات میں بھی بہتری آئی۔ آہستہ آہستہ انٹرنیٹ نے اتنی ترقی کی کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم متعارف ہوئے۔ اب وہ وقت ہے کہ اس ڈیجیٹل دور نے لوگوں کو بے شمار [illegible] فارمز، فیس بک انسٹاگرام اور ٹویٹر عوام اور اداروں کے درمیان بہترین روابط کا کام کر رہے ہیں۔ اس سے نا صرف عوام کے مسائل اور ضروریات سے آگاہی ممکن ہوئی ہے بلکہ اداروں کو عوام دوست پالیسیاں بنانے میں بھی مدد ملی ہے۔ اگر انفارمیشن پہنچانے کے لئے آج کے دور میں کوئی موثر ترین اور تیز ترین ذریعہ ہے تو وہ ہے ڈیجیٹل میڈیا۔ ایک وائرل وڈیو بڑے بڑے معنی خیز پیغام دے کر لوگوں اور اداروں کو ہلا کر رکھ دیتی ہے۔ اسکی ایک مثال زینب ریپ اور قتل کیس ہے جسکو سوشل میڈیا پر عوام، انسانی حقوق کے علاوہ بچوں کے حقوق سے تعلق رکھنے والی تنظیموں نے اس قدر اٹھایا کہ حکومتی مشینری کو فوراً حرکت میں آنا پڑا۔ حکومتی اداروں کو اتنا پریشرائز کیا گیا کہ قصور میں بچوں سے زیادتی میں ملوث گینگز کے خلاف گرینڈ آپریشن ہوا۔ انٹیلیجنس ایجنسیز کی مدد لی گئی اور زینب کے قاتل کو گرفتار کر کے کیفرِ کردار تک پہنچایا گیا۔ سوشل میڈیا نے اس کیس کو لمبے عرصے تک زندہ رکھا جس کے نتیجے میں زینب الرٹ بل 2020 پاس ہوا۔ [illegible]

ملوث ملزمان کو حراست میں لے کر تفتیش کا آغاز کیا گیا۔ وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے وزیر صحت کو اس بچی کی خاص دیکھ بھال اور بہترین علاج کا حکم دیا اور انتہائی توجہ سے اس کیس کی خود پیروی کر رہے ہیں۔ کیا اس سے پہلے یہ ممکن تھا کہ ایک عام آدمی کی وزیراعلی تک رسائی ہو لیکن یہ سوشل میڈیا کی بدولت ممکن ہو پایا۔ ایک وائرل وڈیو ایوان وزیراعلی تک پہنچی اور ڈائریکٹ اتھارٹی تک رسائی سے انصاف کا حصول ممکن ہوا۔ بجلی کے بے تحاشا بلوں اور اوور چارجنگ پر عوام کا ردعمل جونہی سوشل میڈیا پر سامنے آیا بجلی مہیا کرنے والے ادارے متحرک ہو گئے۔ بلکتے اور روتی عوام کی کہانیاں جب اسکی زبانی ڈیجیٹل میڈیا پر آئیں تو منٹوں میں وائرل ہوئیں جسکی وجہ سے حکومتی توجہ اس جانب مبذول ہوئی اور وزارت توانائی کو اس حوالے سے عوام کو ریلیف دینے کے لئے احکامات جاری کرنا پڑے۔ عوام کو ریلیف دینے کی کوششیں جاری ہیں جو کہ آئی ایم ایف کی شرائط سے جڑی ہوئی ہیں۔ حکومت بھرپور کوشش کر رہی ہے کہ رواں ماہ عوام کو بجلی کے بلوں میں ہر ممکن طور پر ریلیف دیا جائے۔ [illegible]

نے حکومتوں فلاحی اعلانات اور پالیسیوں کو عوام تک پہنچانے کا نیا ذریعہ فراہم کیا ہے۔ سمعی اور بصری مواد کے ذریعے، حکومتی پیغامات اب تیزی سے وائرل ہوتے ہیں۔ ڈیجیٹل میڈیا نے حکومتوں کو عوام کے ساتھ بہترین رابطے کا ایک موقع فراہم کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز حکومتی اداروں کو عوام کی رائے جاننے اور ان [illegible] ہی اب حکومتوں کو عوام کی توقعات کے مطابق سروسز فراہم کرنے کا موقع ملا ہے۔ آج کی اس اہم ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے اب حکومتی ادارے بھی اس دوڑ میں شامل ہو گئے ہیں۔ اس وقت حکومتی نمائندوں اور اداروں کے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ ہیں جو کہ انکو عوام سے جوڑے ہوئے ہیں۔ ڈیجیٹل ڈیٹا [illegible] محکموں کی آن لائن موجودگی کا خیال رکھتا ہے۔ یہ سیکشن عوام تک معلومات کی ترسیل کے لیے حکومت کے اقدامات پر مبنی مہمات کو ڈیزائن اور چلانے کے لیے چوبیس گھنٹے کام کرتا ہے۔ گلوبل ایڈورٹائزنگ، روایتی اشتہارات سے ہٹ کر ایک خاص سٹریٹجی کے تحت مخصوص عمر جنس اور علاقے کے لوگوں کے لئے ڈیزائن کی جاتی ہے۔ [illegible] کو مد نظر رکھتے ہوئے، محکمہ اطلاعات وثقافت نے پنجاب حکومت کی پہلی ڈیجیٹل میڈیا ایڈورٹائزمنٹ پالیسی 2022 کا مسودہ تیار کیا۔ یہ پالیسی تمام سرکاری محکموں بشمول انتظامی محکموں، حکام اور خود مختار اداروں کو ڈیجیٹل کمیونیکیشن اور اشتہارات کو مکمل طور پر استعمال کرنے کا اختیار دیتی ہے۔ یہ تمام سرکاری [illegible] ٹارگٹڈ عوام تک اپنا پیغام پہنچا سکتی ہے۔

SOCIAL MEDIA
MOBILE
SEO
VIDEO
AD
E MAIL
SOCIAL NETWORK

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
12 ستمبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 12 ستمبر 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، اپرٹوپہ، پتریاٹہ، ٹی ڈی سی پی، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، کوہالہ، مورت، بوہی گھیر، سالارگاہ، غوری، شفیع چوہان، اسلام پورہ، سید کسران، I-8/4، سروس روڈ، مسلم ٹاؤن، ایف ایچ ایس، جناح کیمپ، کے آر ایل، بی بی شہید، کھنہ روڈ، گلزار قائد، ائیر پورٹ، گنگال، وی وی آئی پی، رحیم آباد، ذیشان کالونی، ترنول، جاکرہ، جھنگی، ایس پی ڈی ٹو، پی اے ایف، آر آئی سی، گریسی لائن، رحمت آباد-1، جہانگیر روڈ، کھوٹ سٹی-2، حنیف شہید، ابرار شہید، پنجر، خواجہ، نڑھ، غور غشتی، بارازئی، مسکین آباد، شاہ دھیر، ریڈیو پاکستان 1&2، لارنس پور، غازی آباد، جی بی ایچ پی کالونی، F-17/1&2، نوگزی، FECHS، سواں گارڈن-1، سرائے عالمگیر، فتح پور، چھپران، شکریلہ، منڈی بھلوال، ملٹری کالج، شمس آباد، عباس پورہ، اجمل شہید، F-7 کچہری، فیڈرز، صبح 06:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، شاہ پور فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

دی جس پر غلط رپورٹنگ ہوئی، جو ہوا میں اس کو درگزر کرتا ہوں۔

بقیہ 2

کردہ اپنے بیان میں آصف زرداری نے کہا کہ بانی پاکستان کا فلسفہ جمہوریت اور عوام کی حکمرانی کا فلسفہ ہے۔ سابق صدر نے کہا کہ قائداعظم نے غیر مسلم شہریوں کے لئے بھی محفوظ ملک بنایا، ان کے نظریہ کی بنیاد پر ذوالفقار علی بھٹو نے 1973 کا آئین بنایا، 8ویں آئینی ترمیم وفاق اور اکائیوں کے درمیان مضبوط بندھن ہے۔

بقیہ 3

لٰہی کو گھر بہ حفاظت نہ پہنچانے کے خلاف قیصرہ الٰہی کی جانب سے دائر کی گئی توہین عدالت کی درخواست پر سماعت لاہور ہائی کورٹ میں ہوئی، جس میں ڈی آئی جی انویسٹی گیشن اور ڈی آئی جی آپریشنز جسٹس مرزا وقاص رف عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ دوران سماعت پولیس افسران کی جانب سے عدالت میں جواب جمع کرا دیا گیا، اس موقع پر پرویز الٰہی کے وکیل نے جواب دیکھنے کے لیے مہلت مانگی جب کہ آئی جی اسلام آباد عدالت میں پیش نہیں ہوئے، دوران سماعت سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ایس پی عمران اسلم نے معاملے کی تحقیقات کی ہیں، اسلام آباد پولیس نے پرویز الٰہی کو قانون کے مطابق گرفتار کیا۔ مختصر وقفے کے بعد سماعت کا دوبارہ آغاز ہوا تو آئی جی اسلام آباد پولیس پیش نہیں ہوئے اور نہ ہی جواب داخل کرایا گیا جب کہ عدالت کے حکم پر ڈی آئی جی آپریشنز، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن اور ایس ایس پی آپریشنز پیش ہوئے، پولیس افسران نے توہین عدالت کے شوکاز نوٹس کے جوابات عدالت میں داخل کرا دیئے، آئی جی پنجاب نے عدالت کے حکم پر معاملے کی انکوائری کروا کر رپورٹ پیش کرادی۔ عدالت میں پیش کی گئی انکوائری رپورٹ میں بتایا گیا کہ اسلام آباد پولیس نے قانون کے تحت پرویز الٰہی کو گرفتار کیا، پولیس افسران نے لاہور ہائی کورٹ کے حکم کی مکمل پاسداری کی تھی۔ پرویز الٰہی کے وکیل آصف چیمہ نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ مجھے رپورٹ دیکھنے اور دونوں پولیس افسران کے داخل کردہ جوابات دیکھنے کے لیے مہلت دی جائے، لاہور ہائیکورٹ نے پرویز الٰہی کی تمام کیسز میں ضمانت منظور کی ہے، نیب حراست سے بازیاب کرا کے پرویز الٰہی کو رہا کرایا گیا، عدالت نے ڈی آئی جی آپریشن اور ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کو طلب کر کے تحریری حکم نامہ دیا۔ وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ عدالت نے پولیس افسران کو بہ حفاظت گھر پہنچانے کا حکم دیا، دونوں پولیس افسران کی موجودگی میں پرویز الٰہی کو اٹھایا گیا، دونوں پولیس افسران نے عدالتی حکم کے برعکس پرویز الٰہی کی حفاظت نہیں کی، وکیل نے استدعا کی کہ عدالت ڈی آئی جی انویسٹی گیشن اور ڈی آئی جی آپریشن کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کرے۔ بعد ازاں عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ہمیں مناسب نہیں لگے گا کہ آئی جی اسلام آباد کو ہم کسی اور طریقے سے بلائیں، اگر اللہ نے کسی کو عزت دی ہے تو اسے برقرار رکھے، اب چیک کرلیں کہ آئی جی اسلام آباد کیسے آئیں گے۔ لاہور ہائی کورٹ نے کیس کی آئندہ سماعت 18 ستمبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 4

اور عالمی تناظر میں امن وسلامتی پر تبادلہ خیال کیا گیا، مہمان خصوصی نے افغانستان میں امن عمل میں پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ دونوں فریقین کے درمیان ملاقات میں انسداد دہشت گردی اور اقتصادیات کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مضبوط اور مزید مستحکم کرنے کی وسیع گنجائش کی موجودگی پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 5

نمائندگی کرتا ہے، پاکستان اس وقت ایک مشکل دور سے گزر رہا ہے اور ہمیں قائد کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے۔ نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے قائد اعظم کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ سب کو مل کر پاکستان کی ترقی کیلئے محنت کرنا ہوگی۔

بقیہ 6

اعلان کرنا الیکشن کمیشن کا اختیار ہے۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف نے بھی صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو الیکشن کی تاریخ دینے کے لئے خط لکھ دیا، خط میں تحریک انصاف کی جانب سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ صدر مملکت فوری طور پر تاریخ کا اعلان کریں۔

بقیہ 7

چینی کی خرید وفروخت بند کردی، چینی کی قیمتوں میں کمی کا سلسلہ جاری، منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں پر خوف طاری، شہریوں کا فلور ملز مافیا اور آٹا مہنگے داموں فروخت کرنے کے خلاف بھی کارروائی کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق بڑھتی ہوئی چینی کی قیمتوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کے بعد 190 سے 210 روپے فروخت ہونے والی چینی زبردست کمی کے بعد 160 سے 170 روپے فی کلو فروخت ہونے لگی، جبکہ ضلعی انتظامیہ مصنوعی مہنگائی کو کنٹرول کرنے میں ناکام نظر آرہی ہے فیصل آباد چینی کا کاروبار کرنے والے بڑے گروپ پراچہ ٹریڈرز، رانا گروپ، بھلی گروپ، ریاض، گروپ، مشتاق گروپ نے چینی کی خرید وفروخت میں اربوں کمانے کے بعد غائب ہوگئے

بقیہ 8

روکا تو انہوں نے اندھا دھند فائرنگ کی۔ ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہ اس قسم کی خلاف ورزیاں اور بلا اشتعال فائرنگ ناقابل قبول ہے، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی تجزیاتی ٹیم نے بھی اپنی رپورٹ میں اس بات کی تصدیق کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہماری خواہش ہے کہ افغانستان کے ساتھ سرحد دونوں ممالک کے درمیان امن اور دوستی کی سرحد ہو، ہم نے کئی دہائیوں سے اپنے افغان بھائیوں اور بہنوں کی کھلے دل سے میزبانی کی ہے، افغان سرحد پر تعینات افغان فوجیوں کی جانب سے مسلسل بلاجواز اشتعال انگیزیوں کے باوجود تحمل کا مظاہرہ کیا ہے اور بات چیت کو ترجیح دی ہے۔ ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہ پاکستان تمام دوطرفہ مسائل اور خدشات کو تعمیری بات چیت کے ذریعے حل کرنے کیلئے تیار ہے تاکہ دونوں ممالک اقتصادی رابطوں اور اس کے نتیجے میں خوشحالی کا فائدہ اٹھا سکیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید کہا کہ ہم توقع کرتے ہیں کہ افغان عبوری حکام پاکستان کے تحفظات کو ذہن میں رکھیں گے، پاکستان کی علاقائی سالمیت کا احترام کریں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گرد حملوں کیلئے لانچنگ پیڈ کے طور پر استعمال نہ ہو۔

بقیہ 9

15 طیارے گراؤنڈ ہونے کا بھی خدشہ ہے۔ پی آئی اے کو اندرون بیرون ملک جانے والی تیس سے زائد پروازیں معطل ہونے کا خدشہ ہے، رقم فوری نہ ملنے کی صورت 15 طیارے گراؤنڈ ہونے کا خدشہ ہے۔ پی آئی اے کو قرض، سود اور لیز، پرزوں کی ادائیگیوں پر مشکلات کا سامنا ہے۔ پی آئی اے کو فوری طور پر 20 ارب روپے سے زائد کی ادائیگیاں کرنی ہیں، ادائیگیوں میں فیول، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی، اور لیز پر طیاروں کی ادائیگیاں شامل ہیں۔ دو دنوں میں فنڈز نہ ملے تو فلائٹ آپریشن بری طرح متاثر ہوجائے گا۔ وزارت ہوابازی کے مطابق پی آئی اے کی تنظیم نو پیچیدہ عمل ہے، جس کو مکمل کرنے میں ایک سال درکار ہے۔ تنظیم نو کے دوران پی آئی اے کا آپریشنل رہنا اشد ضروری ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پی آئی اے اپنی تاریخ کا بلند ترین ریونیو کما رہا ہے۔ حکومت کے تعاون سے بینکوں سے قرض کے حصول کیلئے اقدامات کرلئے ہیں، فنڈز جاری ہوتے ہی طیاروں کے پرزوں، انجن اور سود سے متعلق ادائیگیاں کی جائیں گی۔ دوسری جانب پاکستان کی قومی ایئر لائن (پی آئی اے) میں انتہائی ضروری 210 اسامیوں پر بھرتی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ کی اجازت سے 5 سال کے وقفے سے ایک سالہ قابل توسیع کنٹریکٹ پر 210 آسامیاں پر کی جارہی ہیں۔ نئی بھرتیوں کے لیے موزوں امیدواروں سے 25 ستمبر تک درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ پی آئی اے میں پائلٹس کی آخری بھرتی 2016 اور فضائی میزبانوں کی آخری بھرتی 2017 میں کی گئی تھی۔ 2017 میں بھرتی کردہ 60 فضائی میزبانوں کے بیچ کو ایک سال کا کنٹریکٹ مکمل ہونے کے بعد فارغ کر دیا گیا تھا۔

بقیہ 10

جانب سے ریکارڈ جمع نہ کروایا جاسکا۔ وکیل پرویز الٰہی نے سابق وزیراعلیٰ میڈیکل ٹیسٹ کی درخواست دائر کی عدالت نے درخواست منظور کرکے سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو ہدایت جاری کرتے ہوئے سماعت (آج) منگل تک ملتوی کردی۔

بقیہ 11

کردہ بیان میں کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی قائداعظم کی سیاسی سوچ اور فلسفے پر عمل پیرا ہے، پیپلز پارٹی نے آئین و پارلیمان کی بالادستی، شہریوں کے حقوق پر کبھی سودے بازی نہیں کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ قائداعظم کا جمہور دوست نظریہ اور جدید اسلامی فلاحی ریاست کا ویژن مشعل راہ ہے۔ انہوں نے اس موقع پر عہد کرتے ہوئے مزید کہا کہ عہد کریں کہ ہم کسی مصلحت اور سمجھوتے کے بغیر بابائے قوم کے بتائے راستے پر چلیں گے

بقیہ 12

اولپنڈی پر موضع بدیال اور ڈھلہ خصالہ میں واقع روڈن انکلیو نامی غیر قانونی ہاسنگ سکیم کی شوشل میڈیا پر مارکیٹنگ کرنے کی وجہ سے پرواز مارکیٹنگ کمپنی کے مالک کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا ہے۔ آر ڈی اے کے ترجمان نے کہا کہ ڈی جی آر ڈی اے نے نوٹس لیتے ہوئے عوام الناس کو متنبہ کیا ہے کہ وہ غیر قانونی ہاسنگ سکیموں سے اجتناب کریں اور کسی بھی غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹی کی قرآندازی میں شامل نہ ہوں اور جھانسے میں نہ آئیں۔ ترجمان کے مطابق اڈیالہ روڈ پر غیر قانونی ہاسنگ سکیم روڈن انکلیو کے مالکان 16 ستمبر کو قرعہ اندازی کرنے جارہے ہیں۔ عوام اجتناب کریں۔ قرآندازی کرنے والے دن آر ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ ٹیم بمع پولیس اس جگہ پر موجود ہوگی اور اس کام میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے گا۔

بقیہ 13

کھوسہ کی وساطت سے دائر درخواست میں پیمرا کو بھی فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں میاں نجم الثاقب کیس میں جسٹس بابر ستار کے حکم نامے کا بھی حوالہ دیا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ گھر کی ٹیلیفون کی ریکارڈنگ کو غیر قانونی اور اختیار سے تجاوز قرار دیا جائے، یہ بھی قرار دیا جائے کہ اس طرح کی ریکارڈنگ کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، درخواست کے حتمی فیصلے تک فریقین کو بشریٰ بی بی کیخلاف کسی بھی ایکشن سے روکا جائے، من گھڑت اور بے بنیاد آڈیو کی بنیاد پر پولیس اور ایف آئی اے کی طرف سے ہراساں کیا جارہا ہے۔ درخواست گزار نے کہا ہے کہ بے بنیاد آڈیو کو مختلف چینلز پر نشر کرکے بشریٰ بی بی سے منسوب کیا گیا جس سے ان کے بنیادی حقوق متاثر ہوئے، چیئرمین پی ٹی آئی کی اہلیہ پردہ دار خاتون ہیں ان کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

بقیہ 14

کی اولین ترجیح ہے کہ پسماندہ علاقوں کو ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی کی راہ پر گامزن کرے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی بینک نے 2022 کے شدید ترین سیلاب میں متاثرہ لوگوں کی مدد اور بحالی میں اپنا کردار ادا کیا، متاثرہ علاقوں میں جاری بحالی کے کام کو جلد مکمل کرنے کیلئے حکومت ہر ممکن انتظامی مدد فراہم کرے گی۔ ناجے بن حسین نے وزیراعظم کو عالمی بینک کے بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی ترقی، سندھ میں سیلاب متاثرین کی بحالی کے کاموں اور جنیوا میں عالمی بنک کی طرف سے سیلاب متاثرین کے لیا اعلان کی گئی امدادی رقم کی فراہمی کے حوالے سے پیش رفت سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا

بقیہ 15

معیشت کو تباہ اور ملک کو ڈیفالٹ کرنے والوں کا کٹھ پتلی ملک میں ایک نیا آئینی بحران پیدا کرنے پر تلا ہے، جس کا انہیں کوئی اختیار ہے نہ ہی سیاسی و اخلاقی جواز حاصل ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ چار سال ملک کے ساتھ معاشی اور ریاستی دہشت گردی کرنے والے 16 ماہ کے معاشی سیاسی اور خارجی پالیسی کیا ستحکام کے خلاف سازش کرنے والے ہیں، ملک میں امن اور استحکام جیل میں بیٹھے ریاستی اور معاشی دہشت گرد سے برداشت نہیں ہورہا۔ انہوں نے کہا کہ آئینی منصب کی آڑ میں ایک اور 9 مئی کی تیاری دکھائی دے رہی ہے۔ انہوں نے پٹرول بم، شہدا اور قومی یادگاروں کی بے حرمتی، انارکی اور 9 مئی کی سازشوں کے وار کیے، مگر ملک میں افراتفری اور فساد کی یہ سازش بھی ان شاءاللہ ناکام ہوگی۔ دریں اثنا ڈپٹی سیکریٹری جنرل پاکستان مسلم لیگ ن عطا اللہ تارڑ نے اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ معیشت کی حالت بہتر اور ڈالر کی قیمت کم ہورہی ہے، جب بھی ملک کی حالت بہتر ہوتی ہے تو پی ٹی آئی ملک کو غیر مستحکم کرتی ہے۔ انہوں ں ے کہا کہ پہلے بھی صدر نے قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف ریفرنس بھیج کر اور عدم اعتماد کے باوجود اسمبلی تحلیل کرکے غیر آئینی کام کیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عارف علوی 9 ستمبر کے بعد صدر مملکت نہیں رہے، وہ صرف عبوری صدر ہیں اور کوئی عبوری صدر الیکشن کی تاریخ کیسے دے گا۔ ڈپٹی سیکریٹری مسلم لیگ ن نے مزید کہا کہ اہم فیصلہ سازی میں اب صدر کا کوئی کردار نہیں رہا، وزارت قانون نے ان کو جواب دے دیا کہ الیکشن کی تاریخ کا اعلان الیکشن کمیشن کرے گا۔

بقیہ 16

ملتے ہی ریسکیو میڈیکل ٹیم فوراً جائے حادثہ پر پہنچی اور 16 سالہ کاشف ساکنہ بکوتر کو بروقت رسپانس کرتے ہوئے ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے بعد ازاں اسے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے واقعہ کی تفتیش شروع کردی ہے

بقیہ 17

ڈگری پولیس زرائع کے مطابق ایس ایچ او سلیم سیراج سموں نے ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر ایک ملزم حبیب براہمانی کو گرفتار کرلیا جس کی بعد ازاں گرفتاری ظاہر کردی گئی پولیس زرائع کے مطابق دوسرے ملزم کی تلاش جاری ہے زیر حراست ملزم کو عدالت میں پیش کیا گیا جہاں معزز عدالت نے زیر حراست ملزم کا میڈیکل کروانے کا حکم دیا جس کا پھر ڈگری پولیس نے تعلقہ اسپتال ڈگری میں میڈیکل ٹیسٹ کے لیے جزوے حاصل کیے گئے

بقیہ 18

ہے۔ اس حوالے سے ایف آئی اے ذرائع کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ سعودی حکومت کی جانب سے سفری دستاویزات مکمل نہ ہونے اور دیگر سرگرمیوں میں ملوث پائے جانے والے پاکستانی شہریوں کو بے دخل کیا گیا ہے، مسافروں کو گھر جانے کی اجازت نہیں دی گئی بلکہ پاکستان واپس پہنچنے والے 20 سے زائد شہری کراچی ایئرپورٹ پر ایف آئی اے امیگریشن حکام کی تحویل میں ہیں۔ ایف آئی اے حکام سے معلوم ہوا ہے کہ ڈی پورٹ ہونے والے پاکستانی شہریوں کی دستاویزات کا جائزہ لیا جارہا ہے، دستاویزات کی مکمل چھان بین کے بعد مسافروں کو گھر جانے کی اجازت دی جائے گی اور اگر کوئی خلاف ورزی ثابت ہوئی تو ایسے افراد کے خلاف قانون حرکت میں آئے گا۔ یہاں قابل ذکر بات یہ ہے کہ ماضی میں سعودی عرب سے ڈی پورٹ افراد کو محدود مدت کے لیے بلیک لسٹ کیا جاتا تھا تاہم اس حوالے سے اس سال کے شروع میں کی گئی تبدیلیوں کے تحت اب مملکت سے کسی بھی قانون کے تحت ڈی پورٹ ہونے والے کسی بھی ویزے پر تاحیات سعودی عرب نہیں آسکتے۔

بقیہ 19

کا گروہ ڈلیوری بوائے سے پیزا چھین کر فرار، سنٹرل جیل میں موبائل فون استعمال کرتے چار قیدی پکڑے گئے، چالاک ملزمان نے کاروبار کا جھانسہ دیکر 3 تاجروں سے 2 کروڑ ہتھیائے اوباش افراد نے خواتین کو بے آبرو کر دیا اور نوجوان سمیت 5 خواتین اغواء کرلیا گیا، پولیس نے مقدمات درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جڑانوالہ کے علاقہ 105 گ ب کے رہائشی اسلم ولد جان محمد کے بیٹے نے ملزم رمضان وغیرہ کی ہمشیرہ سے پسند کی شادی کی تھی، جس کا ملزم رمضان کو شدید رنج تھا اور اسی رنجش کی بناء پر مشتعل ملزم نے ساتھی کے ہمراہ بہن کے سسرال آکر فائرنگ کر دی، گولیاں لگنے سے 55 سالہ دکاندار اسلم ولد جان محمد کو قتل جبکہ فائرنگ کی زد میں آکر 12 سالہ ریحان ولد احسن بری طرح زخمی ہوگیا، پولیس نے نعش قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتلوں کی تلاش شروع کردی۔ جبکہ پیپلز کالونی کے رہائشی 50 سالہ شہزاد نے معاشی و گھریلو حالات سے تنگ آکر زہریلی گولیاں کھالیں جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا گیا جہاں وہ دوران علاج زندگی کی بازی ہار گیا ہسپتال انتظامیہ نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کردی آج پھر ڈلیوری بوائے فاروق پیزا دینے گرین ویلی جارہا تھا کہ جب وہ سمندری روڈ نیاموآنہ روڈ پر پہنچا تو موٹرسائیکل سوار ڈاکو گن پوائنٹ پر پیزا اور فون چھین کر فرار ہوگئے، سینٹرل جیل کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ برکت علی نے دوران تلاش چار قیدیوں سے موبائل فون برآمد ہونے پر ان کیخلاف پریزن ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کروادیا۔

بقیہ 20

کو سراہتے ہیں تاہم ابھی بہت کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام سائلین کے مقدمات کے بلا تاخیر فیصلے کرنے کے لیے سپریم کورٹ کو اپنی توانائیاں 185 کے تحت آئے کیسز کو سننے میں صرف کرنی چاہئیں۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ آرٹیکل 184/3 کے تحت سیاسی اور ہائی پروفائل کیسز کی وجہ سے عام سائلین کے کیسز متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 184/3 کے مقدمات غیر معمولی، عوامی مفاد اور بنیادی حقوق کے معاملات میں ہونے چاہئیں۔ اٹارنی جنرل پاکستان منصور عثمان اعوان نے کہا کہ آرٹیکل 184/3 کا اختیار استعمال کرتے ہوئے عدالت کو اختیارات کی آئینی تقسیم کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اختیارات کی تقسیم کے اصول کا خیال نہیں رکھا جاتا تو عدالت پارلیمنٹ اور ایگزیکٹو کے اختیار میں مداخلت کرتی ہے۔ اٹارنی جنرل نے کہا کہ آرٹیکل 184/3 کے بے دریغ استعمال سے کورٹ کا تشخص متاثر ہوتا ہے، سپریم کورٹ کے جوڈیشل اور انتظامی معاملات میں شفافیت کی ضرورت ہے۔ اٹارنی جنرل پاکستان منصور عثمان اعوان نے کہا کہ ججز کی تعیناتیاں اور بینچز کی تشکیل چیف جسٹس کرتے ہیں

بقیہ 21

بتایا گیا ہے کہ ڈپٹی چیئرمین نیب ظاہر شاہ کے مستعفی ہونے کی وجوہات سامنے نہیں آسکیں۔ یاد رہے کہ دو روز قبل پراسیکیوٹر جنرل نیب سید اصغر حیدر نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیا تھا، پراسیکیوٹر جنرل نیب سید اصغر کی مدت ملازمت فروری 2024 میں مکمل ہونا تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ 190 ملین پاؤنڈ اسکینڈل کی تحقیقات مکمل ہوچکی ہیں اور آئندہ رواں ماہ ریفرنس دائر ہونا تھا۔ پراسیکیوٹر جنرل نیب سید اصغر حیدر نے مستعفی ہونے کی تصدیق کی۔ سید اصغر حیدر نے کہا کہ ذاتی وجوہات پر مستعفی ہورہا ہوں۔

بقیہ 22

اعوان کو ایکسین ڈگری تعینات کردیا گیا حیسکو سب ڈویژن ڈگری کے ایس ڈی او حمزہ امین کا تبادلہ کرکے عاشق علی کلر کو ایس ڈی او سب ڈویژن ڈگری تعینات کردیا گیا دریں اثنا رجسٹرار آفیس ریونیو آفیس ڈگری میں سب رجسٹرار آفتاب احمد کا تبادلہ کرکے یاسر حسین شاہ کو سب رجسٹرار ڈگری تعینات کردیا گیا

بقیہ 23

چوکسی میں ڈیرہ مویشاں بنا رکھا ہے ڈیرہ مویشاں سے ملحقہ مسمیان محمد سلیم، غلام نبی وغیرہ رہائشی گھر ہیں جن کے ساتھ ہمارا کچھ عرصہ سے زمین کا تنازعہ چل رہا ہے میر اخاوند سکندر اعجاز، والدہ ام ریاض بیگم، محمد نعیم، امیر حمزہ سکنہ دیہہ ڈیرہ مویشاں کی جانب جارہے تھے کہ محمد سلیم مسلح پسٹل تیس بور، غلام نبی عرف پپو مسلح پسٹل تیس بور، حیدر علی مسلح بندوق 12 بور، زعفران مسلح پسٹل تیس بور، زمرد، عرفان نے باہم مشورہ ہوکر آتے ہی للکارا مارا کہ سکندر اعجاز کے سوا تمام افراد پیچھے ہٹ جائیں ورنہ ان کو بھی گولی ماردیں گے دیگر افراد سکندر سے پیچھے ہٹے تو محمد سلیم، غلام نبی اور زعفران نے اپنے اپنے پسٹل سے بانیت قتل سکندر اعجاز پر فائر کئے جو اسے جسم کے مختلف حصوں پر لگے سکندر اعجاز پیچھے مڑ کر جان بچانے کیلئے چلنے لگا تو حیدر علی نے بانیت قتل بندوق 12 بور سے یکے بعد دیگرے دو فائر سکندر اعجاز پر کئے جو اسے سر پر لگے سکندر اعجاز ضربات کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا زمرد اور عرفان موقع پر للکارتے رہے کہ کوئی نزدیک نہ آئے ملزمان دھمکیاں دیتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے پولیس نے ایف آئی آر درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ جاتلی جائے وقوعہ پر پہنچے فرانزک ٹیم نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے اور ریسکیو کی امدادی ٹیم کے ہمراہ ڈیڈ باڈی کو پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان منتقل کیا گیا جہاں سے ضابطے کی کاروائی کے بعد ڈیڈ باڈی ورثا کے حوالے کردی گی

بقیہ 24

مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ہماری بہادر افواج دہشت گردی کے خلاف بڑے عزم سے لڑ رہی ہیں، مسلح افواج، رینجرز، پولیس سمیت دہشت گردی کے خلاف لڑنے والی تمام فورسز کے جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ ہم ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کرکے رہیں گے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا بھی کی

بقیہ 25

تجنبڈی پولیس نے ملزم 02 کلو چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم عالم سے 01 کلو 400 گرام چرس، ملزم یاسر سے 01 کلو 200 گرام چرس، ملزم عمران سے 510 گرام چرس، آر اے بازار پولیس نے ملزم شعیب سے 01 کلو 420 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم حشمت اللہ سے 01 کلو 50 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم شیر جیر احمد سے 920 گرام چرس، ریس کورس پولیس نے ملزم حمید اللہ سے 600 گرام چرس، ملزم انیق اللہ سے 600 گرام چرس، ملزم خداداد سے 520 گرام چرس، پیرودھائی پولیس نے ملزم شفاقت سے 520 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 26

افسران، وائلڈ لائف ایکسپرٹس اور کلائمیٹ چینج کے ماہرین نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایکو سسٹم کی بحالی و اپ گریڈیشن اور فاریسٹ مینجمنٹ کی بہتری کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ کلائمیٹ چینج کے ضمن میں ممکنہ اقدامات پر بھی تجاویز کا تبادلہ ہوا۔ اجلاس میں ایکو سسٹم کے حوالے سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، فاریسٹ مینجمنٹ کی بہتری، کاربن مینجمنٹ کے فروغ کے حوالے سے بھی سیر حاصل تجاویز کا تبادلہ ہوا۔ اجلاس میں شجرکاری مہم کے تیسرے مرحلے کے ٹائم فریم پر بھی مشاورت ہوئی اور اکتوبر کے وسط میں شجرکاری کے آغاز اور مہم میں پی ایچ اے اور تعلیمی اداروں کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ 27

بیان میں انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر معاشرے کا ناسور ہیں، جو کسی رعایت کے مستحق نہیں، جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ لاہور پولیس کا اہم فریضہ ہے، قانون شکن عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاہور پولیس قانون کی سربلندی کیلئے مسلسل مصروف عمل ہے۔

بقیہ 28

وغیرہ کے خاتمہ کے لئے فورک لفٹرز و اضافی اہلکار تعینات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا سرکل انچارجز ڈسٹرکٹ ہسپتال، بینظیر بھٹو ہسپتال اور ہولی فیملی ہسپتال سمیت تمام ہسپتالوں کے باہر ٹریفک انتظامات کو بہتر بناتے ہوئے شہریوں کی سہولت اور ایمرجنسی گاڑیوں کی آمدورفت کے لئے موثر انتظامات کریں۔

بقیہ 29

خلاف استغاثہ دائر کردیا۔ تفصیل کے مطابق ایس ڈی او کھرڑیانوالہ سب ڈویژن حماد غفور کی نگرانی میں فیسکو ٹیم نے چیکنگ کے دوران 194 رب کی جناح آبادی میں صارف محمد جاوید بجلی چوری کرتے ہوئے پایا گیا اور جب فیسکو ٹیم نے مذکورہ صارف کا لوڈ چیک کیا تو معمول سے کئی گنا لوڈ استعمال کر رہا تھا، جس پر فیسکو ٹاسک فورس کے مطابق مذکورہ صارف کافی عرصہ سے بجلی چوری کرنے میں مصروف تھا۔ تاہم ایس ڈی او کھرڑیانوالہ سب ڈویژن حماد غفار نے مذکورہ صارف کے خلاف تھانہ کھرڑیانوالہ میں استغاثہ دائر کردیا۔ ایس ڈی او فیسکو کا کہنا تھا کہ بجلی چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔ بجلی چوروں کے خلاف اندراج مقدمات کے ساتھ ساتھ بھاری جرمانے بھی عائد کئے جارہے ہیں

بقیہ 30

آئے سیاسی جماعتیں ان کے ساتھ ہیں۔ جے یو آئی رہنما نے کہا کہ آئین کے مطابق وقت پر انتخابات کرانے کا مطالبہ تمام سیاسی جماعتیں کررہی ہیں البتہ آصف زرداری نے انتخابات میں تاخیر کی بات کرکے سیاسی لوگوں کو مایوس کیا۔ حافظ حسین احمد کا کہنا تھا کہ ''کیئرٹیکر'' اقتدار کو ''ٹیک اوور'' کرنا چاہتے ہیں کیوں کہ انتخابات کرانے کے لیے آئے نگران انتخابات سے راہ فرار اختیار کئے ہوئے ہیں لگتا ہے کہ ''کاکڑ'' کو ''کاکڑ فارمولا'' کے تحت لایا گیا ہے اس لیے نگران حکومت انتخابات کب اور کیسے کرائیں جائیں اس پر بات کرنا ہی پسند نہیں کررہی انہوں نے کہا کہ خراب معاشی حالات کا بہانا بنا کر انتخابات میں تاخیر کی گئی تو معاشی حالات مزید خراب ہوسکتے ہیں قوم کو آگاہ کیا جائے کہ انتخابات میں تاخیر کس کی خواہش پر کی جارہی ہے

بقیہ 31

معذور افراد، بزرگوں اور طلبا وطالبات کیلئے اورنج لائن میٹرو ٹرین اور میٹرو بس سروس پر فری سفر کی سہولت کی منظوری دی- کابینہ نے سرکاری میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں سیشن برائے 24-2023 کیلئے داخلہ پالیسی کے لئے کمیٹی کی سفارشات کی منظوری دی- کابینہ نے سموگ سے نمٹنے کیلئے کابینہ کمیٹی تشکیل دینے کی منظوری دی- وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سموگ سے نمٹنے کیلئے موثر اقدامات کا حکم دیا- کابینہ نے صحافیوں اور ان کے خاندانوں کی فلاح وبہبود کیلئے ایک ارب روپے سے انڈومنٹ فنڈ کے اجراء کی منظوری دی- کابینہ اجلاس میں وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سیکریٹریز کو بدھ کو فیلڈ وزٹ کی ہدایت دی- کابینہ کو جنوبی پنجاب کے میگا ترقیاتی منصوبوں اور لاہور، ساہیوال، بہاولنگر موٹر وے پراجیکٹ اور ملتان رنگ روڈ پراجیکٹ کے بارے بریفنگ دی گئی- وزیراعلیٰ محسن نقوی نے جنوبی پنجاب کے منصوبے جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی- اجلاس میں لاہور، راولپنڈی، بہاولپور اور ملتان کے ہائیکورٹ کے احاطے میں قائم ڈسپنسریوں کو فنکشنل اور آپریشنل کرنے کی ذمہ داری ہیلتھ فسیلیٹیز مینجمنٹ کمپنی کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا گیا- اجلاس میں سکول اپناؤ پروگرام (School Adoption Programme) کے تحت پنجاب ایجوکیشن لینڈ سکیپ کا دائرہ کار مزید بڑھانے کا بھی فیصلہ ہوا- کابینہ نے ملتان میں وائلنس اگینسٹ وویمن سینٹر کے ملازمین کے کنٹریکٹ میں توسیع اور ایل ڈی اے کمیشن کیلئے چیئرمین اور ممبر کی تقرری کی منظوری دی- اجلاس میں حاجی عبدالقیوم ٹیچنگ ہسپتال ساہیوال کا انتظام محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن سے محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کو منتقل کرنے کی منظوری بھی دی گئی- کابینہ نے آئل پائپ لائنز سسٹم کے قومی نیٹ ورک کی حفاظت اور سیکورٹی کے لئے صوبائی پالیسی، قائداعظم پولیس میڈل اور پریزیڈنٹ پولیس میڈل کے لئے شخصیات کے ناموں اور پنجاب مینٹل ہیلتھ (ترمیمی) ایکٹ 2014 کے تحت پنجاب مینٹل ہیلتھ اتھارٹی کے قیام کی منظوری دی- اجلاس میں جنوبی پنجاب کے ترقیاتی پروگرام اور سڑکوں کی تعمیرومرمت کی سکیموں کے بارے میں بریفنگ دی گئی- صوبائی وزراء، مشیران، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی

بقیہ 32

، انسپکٹر جنرل پولیس، سیکرٹریز اور دیگر حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بعد ازاں نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز کا دورہ کیا اور ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ نے مریضوں اور ان کے تیمارداروں سے ہسپتال میں دی جانے والی طبی سہولیات کے بارے دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ملتان کی نئی بننے والی عمارت کا بھی معائنہ کیا اور اسے جلد فنکشنل کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 33

پاکستانی حکام نے افغان عہدیداروں کو بتایا ہے کہ سرحد کھولنے کا فیصلہ وفاقی حکومت نے کرنا ہے، پاکستانی حکومت کی طرف سے اس معاملے پر ابھی تک کوئی بات سامنے نہیں آئی۔ تاہم بعض پاکستانی عہدیداروں نے اپنے طور پر بتایا ہے کہ پاکستان اپنے علاقے میں کسی قسم کے تعمیراتی کام کی اجازت نہیں دے گا کیونکہ یہ پاکستان کی خودمختاری کے خلاف ہے۔

بقیہ 34

کرے گی۔ مشاورتی سیشن کے دوران پروفیسرز، ریسرچرز اور کاشتکاروں نے فصلوں کی پیداوار بڑھانے اور جدید سیڈ تک رسائی کے لیے تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔ پروفیسرز، ریسرچرز اور فارمرز نے کاٹن کی اچھی پیداوار کے لئے وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی کاوشوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے مشاورتی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زرعی شعبے کی ترقی کے لئے پروفیسرز، ریسرچرز اور فارمرز سے رہنمائی اور فیڈ بیک لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے زرعی شعبے میں ریسرچ نہ ہونے کے برابر ہے اس لئے ریسرچ انسٹیٹیوٹس کو ریسرچ کے لیے لیڈ لینا ہوگی۔

بقیہ 35

اور سی ٹی ڈی ٹیمیں شواہد اکٹھا کرنے میں مصروف ہیں۔ ایس پی ورسک ارشد خان نے بتایا کہ دھماکہ آئی ای ڈی تھا، خودکش نہیں۔ واقعہ کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے۔ دھماکے کے بعد 5 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا، بارودی مواد پہلے سے نصب تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی کی گاڑی مچنی سے کینٹ جارہی تھی، بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مطابق 5 کلو دھماکہ خیز مواد استعمال ہوا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق دھماکہ بارودی مواد پھٹنے سے ہوا، دھماکہ تھانہ مچنی گیٹ کی حدود اور پرائم ہسپتال کے قریب ہوا۔ دھماکے کے بعد پولیس اور ریسکیو ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچیں، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لیا پولیس نے کہا کہ دھماکے میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا۔ دوسری جانب مختلف سیاسی شخصیات نے پشاور دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعاگو ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے واقعات انتہائی قابل مذمت ہیں۔ پاکستان نے پہلے بھی ڈٹ کر دہشت گردی کا مقابلہ کیا اور آئندہ بھی اسی طرح کرتا رہے گا۔

بقیہ 36

سیداں میں درج کیا گیا تھا، واہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم سہیل کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم رواں سال سے واہ کینٹ پولیس کو مطلوب تھا، پیرودھائی پولیس نے کاروائی چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم عمیر احمد کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے پیرودھائی پولیس کو مطلوب تھا، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ گرفتار اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 37

متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے ایف آئی اے کی تکنیکی اعتراضات سے متعلق درخواست جزوی منظور کرلی۔ عدالت نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا کہ عمران خان اور شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت الگ سنی جائے گی، جبکہ اسد عمر کی درخواست ضمانت الگ سنی جائے گی۔ عدالت نے عمران خان کے وکلاء کو درخواست ضمانت میں اعتراضات دور کرنے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے 14 ستمبر کو چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت سماعت کیلئے مقرر کردی گئی، کیس کی مزید سماعت 14 ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔ قبل ازیں عدالت نے عمران خان کی بیٹوں سے بات کروانے کا حکم دیا۔ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت میں سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی، جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے 15 ستمبر تک چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی بیٹوں سے بات کروانے کا حکم دے دیا، جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے 15 ستمبر تک عملدرآمد رپورٹ طلب کرلی۔ عدالت نے عدالتی احکامات پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنانے کا حکم دیا۔ عمران خان نے سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل کیخلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کی تھی۔ یاد رہے کہ سیشن عدالت نے لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں عمران خان کو عدالت میں پیش کرنے کیلئے سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل سے جواب طلب کررکھا ہے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی جانب سے دائر 2 درخواستوں پر محفوظ فیصلہ سنایا۔

بقیہ 38

لگائے گئے۔ 3 لاکھ سے زائد افراد کو سیلابی پانی سے نکال کر محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ تقریبا ساڑھے پانچ لاکھ افراد کو مجموعی طور پر ریسکیو کیا گیا۔ ڈیڑھ لاکھ کے قریب افراد کو پکا ہوا کھانا مہیا کیا گیا۔ 3 لاکھ سے زائد مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ 90 ہزار کے قریب مویشیوں کا حکومتی کیمپس میں مفت علاج کیا گیا۔ ڈی جی عمران قریشی نے مستقبل کی پلاننگ بارے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ علاقوں کی مکمل بحالی تک امدادی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض کی روک تھام کیلئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ متاثرہ علاقوں کی بحالی کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 39

خلاف برسرپیکار افواج پاکستان، پولیس اور دیگر اداروں کے افسروں اور جوانوں کے جذبے، عزم اور بہادری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ سابق وزیراعظم نے زخمیوں کی زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

بقیہ 40

ہے، مجھے لگ رہا ہے سارا کیس مجھ پر چل رہا ہے، میری پارٹی موجود تھی، کارکن دیواریں توڑ توڑ کر لوگوں کو نکال رہے تھے، بحیثیت وزیر تجارت میرا کوئی کردار نہیں تھا، ہمارا کام زمین دینا تھا، میں نے استعفیٰ دے دیا تھا اور لواحقین کو معاوضے کی ادائیگی کا کہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میرے خلاف 32 مقدمات بنائے گئے ہیں، میں نے تمام مقدمات کا سامنا کیا اور بری ہوا، ہائیکورٹ، سپریم کورٹ سمیت تمام عدالتوں میں پیش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جن ملزمان کی سزائیں برقرار رہی ہیں ان کا تعلق ایم کیو ایم سے ہے؟ اس پر رؤف صدیقی نے کہا کہ میں قانونی نکات پر کوئی بات نہیں کروں گا، اس سوال کا جواب ہمارے وکیل دیں گے

بقیہ 41

کو انصاف کی فراہمی کا عمل جاری رکھنا لائق تحسین عمل ہے، دوران تعطیلات سیاسی نوعیت کے مقدمات سماعت کے لئے مقرر ہونے سے عوام کو انصاف کی فراہمی کا عمل سست روی کا شکار ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جب سیاسی و پارلیمانی نظام ناکام ہوجائے تو بوجھ عدلیہ کو اٹھانا پڑتا ہے، عدالت کی توجہ 90 دن میں انتخابات کرانے کے آئینی معاملہ کی طرف دلانا چاہتا ہوں، الیکشن کمیشن حیلے بہانے سے انتخاب آئینی مدت میں کروانے سے گریزاں ہے، الیکشن کمیشن کا یہ رویہ رائے دہی کے آئینی حق کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین سے روگردانی پر آرٹیکل 6 کے تحت الیکشن کمیشن کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے، سپریم کورٹ نے انتخابات سے متعلق فیصلے پر عملدرآمد کرانے کے لئے کوئی اقدام نہیں کیا، صدر مملکت سے مطالبہ ہے جلد انتخابات کا اعلان کریں۔ انہوں نے کہا کہ آفیشل سیکریٹ ایکٹ اور آرمی ترمیمی ایکٹ کی آڑ میں بنیادی حقوق کی پامالیاں ہورہی ہیں، سویلین کا ملٹری ٹرائل غیر آئینی وغیر قانونی ہے جو کسی طور قابل قبول نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوجی عدالتوں کے خلاف درخواستوں کو فوری مقرر کیا جائے، عدلیہ اور ججز کی تضحیک وکلا برادری کبھی تسلیم نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ نئے عدالتی سال میں سپریم کورٹ میں تقسیم کا تاثر ختم کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں گے، نامزد چیف جسٹس سے امید ہے وہ آئین و قانون پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے

بقیہ 42

کی 02 چوری شدہ گاڑیاں برآمد ہوئیں، ملزم قبل ازیں گاڑی چوری کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے، ملزم شفیق نے جعلی کارڈ تیار کر رکھا تھا اور اپنے آپ کو وکیل ظاہر کرتا تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائیگی، شہریوں کی جان ومال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، دھوکہ دہی سے شہریوں کا استحصال کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 43

ایشن کی جانب سے جزیلہ اسلم کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے ہال میں پہنچنے پر جزیلہ اسلم کا پرتپاک استقبال کیا گیا، مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ، صدر بار میاں طلعت محمود، جنرل سیکرٹری جنید اقبال کھچی نے گلدستے پیش کیے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر بار میاں طلعت محمود، جنرل سیکرٹری جنید اقبال کھچی نے انہیں اوکاڑہ تعیناتی پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے اپنے تعاون کا یقین دلایا انہوں نے کہا کہ بار اور بنچ کے درمیان مثالی تعلقات ماضی میں بھی رہے ہیں اور آئندہ بھی اسے کے لیے کوشاں رہیں گے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جزیلہ اسلم نے ممبران بار کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عدالتی نظام اور سائل کی دادرسی کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے بعد ازاں پر تکلف چائے کا اہتمام کیا گیا تھا۔

بقیہ 44

سے کز ارا اور اسی کو کامیابی سمجھا۔

بقیہ 45

سے متعلق گواہان کے دوبارہ ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے جاتے ہیں، ریکارڈ کیپر کو وارنٹ کی تعمیل کروانے کا حکم دیا جاتا ہے، عدالت نے کیس کی سماعت 15 ستمبر تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ کینیا میں قتل ہونے والے پاکستان کے معروف اینکر ارشد شریف کی اہلیہ کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے تھے۔ اسلام آباد کے جوڈیشل مجسٹریٹ عباس شاہ نے ارشد شریف کی اہلیہ سمیہ ارشد اور ان کے پروگرام کے پروڈیوسر علی عثمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے۔ عدالت نے متعدد سماعتوں سے ارشد شریف کی اہلیہ اور پروڈیوسر کو بیان کے لیے طلب کر رکھا تھا۔ 14 جون 2023 کو جوڈیشل مجسٹریٹ عباس شاہ کی عدالت نے ارشد شریف قتل کیس میں گواہوں کی مسلسل عدم پیشی پر سخت برہمی کا اظہار کیا تھا۔

بقیہ 46

سپلائی، میٹر کی باڈی میں سوراخ کرکے، شنٹ سسٹم، میٹر کی باڈی ٹیمپر ڈ کرکے اور مختلف طریقوں سے بجلی چوری کرکے محکمہ کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا رہے تھے۔ ان بجلی چوروں کے کنکشنز کاٹ دیئے گئے ہیں اور انہیں 3 لاکھ 10 ہزار سے زائد ڈٹیکشن یونٹس کی مد میں ایک کروڑ 13 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ جبکہ ان کے خلاف قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں ایف آئی آر کے اندراج کیلئے درخواستیں بھی جمع کرادی گئی ہیں۔ تین دنوں کے دوران فیسکو ریجن میں بجلی چوری کے کل کیسز کی تعداد 193 ہوگئی ہے جن میں سے 24 افراد کے خلاف مقدمات کا اندراج ہوچکا ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر بشیر احمد نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے اردگرد نظر رکھیں اور کہیں بھی ہونیوالے بجلی چوری کی فوری اطلاع فیسکو کے جاری کردہ نمبرز پر دیں تاکہ ان بجلی چوروں کے خلاف سخت کارروائی کی جاسکے۔ یہ بجلی چور ملک وقوم کے دشمن ہیں اور آپ کے بلوں میں اضافہ کا باعث ہیں لہٰذا ان کے خاتمے کیلئے فیسکو کے ساتھ تعاون کریں

بقیہ 47

طرح کی ریکارڈنگ کی کوئی قانونی حیثیت نہیں۔ اس درخواست کے حتمی فیصلے تک فریقین کو بشریٰ بی بی کیخلاف کسی بھی ایکشن سے روکا جائے۔ درخواست میں کہا گیا کہ من گھڑت اور بے بنیاد آڈیو کی بنیاد پر پولیس اور ایف آئی اے کی طرف سے ہراساں کیا جارہا ہے۔ بے بنیاد آڈیو کو مختلف چینلز پر نشر کرکے بشریٰ بی بی سے منسوب کیا گیا۔ مبینہ آڈیوز کو چینلز پر بشریٰ بی بی سے منسوب کرکے نشر کرنے سے بنیادی حقوق متاثر ہوئے۔ بشریٰ بی بی مذہبی اور پردہ دار خاتون ہیں، سیاست سے تعلق نہیں۔ بشریٰ بی بی نے درخواست کیساتھ میاں نجم الثاقب کیس میں جسٹس بابر ستار کے حکمنامے کا بھی حوالہ دیا۔ خیال رہے کہ سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے کی آڈیو لیک کے معاملے پر طلبی کے خلاف درخواست پر سماعت جسٹس بابر ستار نے کی۔

بقیہ 48

ہر گزرتے دن کے ساتھ یہ بحران گہرا ہوتا جارہا ہے اس بحران کا تمام تر بوجھ محنت کش طبقے پر لادا جارہا ہے اور وہ ہر گزرتے دن کے ساتھ غربت اور ذلت کی دلدل میں دھنستے چلے جارہے ہیں اس بحران نے اس نظام کی کمزور بنیادوں کو بھی عیاں کر دیا اس تمام عمل میں سرمایہ دارانہ نظام کی حدود بھی محنت کش عوام کے ایک حصے پر آشکار ہو رہی ہیں اور واضح ہوتا جارہا ہے کہ اس نظام میں رہتے ہوئے کسی بھی بنیادی مسئلے کو حل نہیں کیا جاسکتا بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافہ ہوا پٹرول اور آٹے، چینی اور دیگر اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں بڑھوتری ہر طرف محنت کش عوام غربت کی چکی میں ہی پس رہے ہیں دوسری جانب روزگار بڑے پیمانے پر ختم ہو رہے ہیں اس سرمایہ دارانہ نظام کی بنیادوں میں موجود مزدور کا استحصال، سرمائے کا ارتکاز اور اس تمام تر بربادی کی بنیادوں کو سمجھایا ان کو قصور وار ٹھہرانا ان تمام کرائے کے دانشوروں کی لغت میں موجود ہی نہیں ان کے نزدیک بینکوں، سٹاک ایکسچینجوں اور سامراجی طاقتوں کی گماشتگی کا یہ نظام ہی انسانی تاریخ کا آخری اور حتمی نظام ہے اور محنت کش طبقے کا مقدر اس میں ہمیشہ پستے رہنا ہے

بقیہ 49

جرمانہ عائد کیا گیا۔ سیکرٹری پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی لمیٹڈ (لیسکو) اور ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) دیگر ڈسکوز سے بہتر کام کررہی ہیں۔ لیسکو میں بجلی چوری کے 1159 کیسز سامنے آئے۔ میپکو میں بجلی چوری کے 1317 کیسز رپورٹ ہوئے۔ سرکاری ڈسکوز پولیس کے ہمراہ کارروائی عمل میں لارہی ہیں۔ زیادہ چوری والے علاقوں میں ترجیحی بنیادوں پر کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ 50

میرا آخری خطاب ہے۔ خیال رہے کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی ریٹائرمنٹ میں چند روز رہ گئے ہیں۔ جسٹس عمر عطا بندیال نے بطور چیف جسٹس 2 فروری 2022ء کو عہدے کا حلف اٹھایا تھا، صدر مملکت عارف علوی نے جسٹس عمر عطاء بندیال سے عہدے کا حلف لیا تھا۔ جسٹس عمر عطاء بندیال نے سابق چیف جسٹس گلزار احمد کے عہدے سے ریٹائرڈ ہونے کے بعد حلف اٹھایا تھا۔ نامزد چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ 17 ستمبر 2023 کو اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کی ریٹائرمنٹ کے بعد جسٹس قاضی فائز عیسیٰ چیف جسٹس پاکستان بنیں گے۔ صدر مملکت عارف علوی نے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی بطور چیف جسٹس پاکستان تعیناتی کی منظوری دی تھی، صدر مملکت نے چیف جسٹس کی تعیناتی کی منظوری آئین کے آرٹیکل 175 اے 3 کے تحت دی تھی۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی بطور چیف جسٹس پاکستان تعیناتی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کیا تھا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی تعیناتی کا اطلاق 17 ستمبر 2023ء سے چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کی ریٹائرمنٹ کے بعد ہوگا۔ موجودہ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال 16 ستمبر 2023ء کو ریٹائرڈ ہو جائیں گے، صدر مملکت عارف علوی جسٹس قاضی فائز عیسی سے 17 ستمبر 2023ء کو عہدے کا حلف لیں گے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ سپریم کورٹ کے سنیئر ترین جج ہیں، جسٹس قاضی فائز عیسی 29 ویں چیف جسٹس پاکستان بنیں گے

بقیہ 51

موقف اختیار کیا گیا کہ پولیس نے عسکری ٹاور میں 28 جولائی کو مزید جسمانی ریمانڈ لینے سے انکار کیا تھا تاہم پولیس نے نئی دفعات کے تحت دوبارہ جسمانی ریمانڈ لے لیا۔ پہلی بار پولیس نے جسمانی ریمانڈ کے بعد خدیجہ شاہ کو خود جوڈیشل کرنے کی استدعا کی تھی، دوبارہ جسمانی ریمانڈ لینا حقائق کے برعکس ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت خدیجہ شاہ کے دوبارہ جسمانی ریمانڈ دینے کے اقدام کو کالعدم قرار دے۔ یاد رہے کہ انسداد دہشت گردی عدالت نے جناح ہاؤس حملہ کیس، گھراو جلاو اور عسکری ٹاور حملہ کیس میں ملوث ڈاکٹر یاسمین راشد، خدیجہ شاہ، سابق گورنر پنجاب عمر چیمہ سمیت دیگر ملزمان کو جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کیا تھا۔ پولیس نے تمام ملزمان کا جوڈیشل ریمانڈ مکمل ہونے پر ملزمان کو عدالت میں پیش کیا۔ پولیس نے درج ایف آئی آرز میں ملزمان کے خلاف دیگر دفعات شامل کرنے پر عدالت سے مزید تفتیش کے لئے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی جسے عدالت نے منظور کرتے ہوئے یاسمین راشد کو 5 روز کیلئے پولیس کے حوالے کردیا۔ ڈاکٹر یاسمین راشد پر 9 مئی کو شیر پاؤ برج پر اداروں کے خلاف تقریر کرنے کا الزام عائد ہے اور ان کے خلاف تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ درج ہے۔ سابق گورنر پنجاب عمر چیمہ، خدیجہ شاہ اور دیگر ملزمان کو بھی 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کیا گیا تھا

بقیہ 52

کہ آئی ایم ایف کے پروگرام کو ٹریک پر لایا گیا، ہم نے 75 سال معیشت کو ترجیح نہیں دی اور ایک ہی موڑ کے گرد چکر کاٹ رہے ہیں۔ کالا باغ ڈیم بن جاتا تو 10 لاکھ ایکڑ اراضی سیراب ہوتی، ہم نے بہت سی ٹرینیں مس کر دیں۔ رہنما مسلم لیگ ن نے مشورہ دیا کہ تمام سیاسی جماعتوں، وکلا اور تاجروں کو 10 سالہ معاشی منصوبہ ترتیب دینا چاہیے، آنے والا الیکشن ملک کی تقدیر کا فیصلہ کرے گا حمزہ شہباز نے اپنے وزارت اعلی کے دور میں مفت بجلی منصوبے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ 100 یونٹ مفت بجلی منصوبہ سیاست کی نذر ہوگیا، آج اگر منصوبہ قابل عمل ہوتا تو غریب کو ریلیف ملتا۔ انکا کہنا تھا کہ گزشتہ دور میں مسلم لیگ ن کی پوری قیادت کو گرفتار کیا گیا، کیا قانون کا تقاضا نہیں کہ اربوں لوٹنے والوں کیخلاف کارروائی ہو

بقیہ 53

ایک جوان پر فخر ہے جو اپنے جانیں قربان کرکے ملک کا دفاع کررہے ہیں ملک دشمن طاقتیں یاد رکھے پاک فوج کے جوانوں کی موجودگی میں اس پاک دھرتی کے خلاف جو بھی قدم اٹھے گا اسے توڑ دیا جائے گا۔ چھ ستمبر کے شہداء نے جس طرح اپنے سے بھاری فوج کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر دھرتی کی حفاظت کی تھی تاریخ ان لمحات کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

بقیہ 54

ئی پی پی کے رہنما عون چودھری، نعمان لنگڑیال، اسحاق خان خاکوانی، ڈاکٹر مراد راس، سعید اکبر نوانی اور نوریز شکور بھی اس موقع پر موجود تھے۔ جہانگیر ترین اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے نئے شامل ہونے والوں کو پارٹی کے رومال پہنائے اور خوش آمدید کہا۔ میڈیا سے گفتگو میں جہانگیر ترین کا کہنا تھا کہ صدر مملکت نے جو بات کی، اس پر انہیں افسوس ہے، پارٹی میں شامل ہونے والوں کا تسلسل دیکھ کر لگتا ہے کہ چھوٹے جہاز کی بجائے اب جمبو جیٹ لینا پڑے گا، ذاتی وجوہات کی وجہ سے پارٹی مصروفیات میں تھوڑا سا وقفہ آگیا تھا لیکن اب وہ پورے پاکستان کے لئے کام کریں گے۔

بقیہ 55

بہتر ہونے لگتی ہے تحریک انصاف ملک کو غیر مستحکم کرنے کی سازشیں شروع کر دیتی ہے، اٹک میں بیٹھے ایک شخص کی وجہ سے ایسا کیا جارہا ہے۔ عطا تارڑ نے کہا ان کو بہتر معیشت سوٹ نہیں کرتی، یہ پاکستان کی سالمیت کے خلاف ایسا کام نہ کریں، شہباز شریف نے آئی ایم ایف سے معاہدہ کیا اور اب اس کے ثمرات آنا شروع ہوئے ہیں، صدر دانستہ طور پر ملک میں آئینی بحران پیدا کریں گے، آج بھی ایک سیاسی پارٹی کو ریلیف دیا جارہا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے کہا چیف جسٹس کو اپنی ساس کا کیس نہیں سننا چاہیے تھا، چیف جسٹس کو کمیشن بنا کر تحقیقات کرانی چاہیے تھی، چیف جسٹس کا محبوب لیڈر چیئرمین پی ٹی آئی تھا۔

بقیہ 56

احکامات پر قانونی کاروائی کرکے رپورٹ پیش کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کرکے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 57

کیے ہیں جن میں سے 22 مثبت آئے جو تقریباً ایک فیصد ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ ملک میں اب تک دو پولیو کیس رپورٹ ہوئے ہیں، دونوں متاثرہ بچوں کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں سے ہے

بقیہ 58

میں صارف محمد جاوید بجلی چوری کرتے ہوئے پایا گیا اور جب فیسکو ٹیم نے مذکورہ صارف کا لوڈ چیک کیا تو معمول سے کئی گنا لوڈ استعمال کر رہا تھا، جس پر فیسکو ٹاسک فورس کے مطابق مذکورہ صارف کافی عرصہ سے بجلی چوری کرنے میں مصروف تھا۔ تاہم ایس ڈی او کھرڑیانوالہ سب ڈویژن حماد غفار نے مذکورہ صارف کے خلاف تھانہ کھرڑیانوالہ میں استغاثہ دائر کردیا۔ ایس ڈی او فیسکو کا کہنا تھا کہ بجلی چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔ بجلی چوروں کے خلاف اندراج مقدمات کے ساتھ ساتھ بھاری جرمانے بھی عائد کئے جارہے ہیں

بقیہ 59

میں کاروائی کرتے ہوئے 11250 کلو غیر معیاد شدہ ناقص بدبودار خشک دودھ برامد کرلیا جو کہ کھاد کیمرو ف برانڈ اینگرو کے تھیلوں میں پیک کر کے فروخت کیا جارہا تھا گودام میں پیکنگ کی جگہ کی صفائی کے حالات بہت ناقص تھے اور فوڈ لائسنس بھی نہ تھا اس موقع پر فوڈ اتھارٹی ٹیم نے ایکسپائر خشک پاؤڈر کے نمونہ جات بھی اکٹھے کیے جن کو فوڈ اتھارٹی لیب میں ٹیسٹ کے لیے بھجوادیا گیا ہے معائنے کے دوران تقریباً 450 بیگ خشک دودھ کے پائے گئے

بقیہ 60

خان کی اپنے بچوں سے بات نہیں ہوئی، اگر پھر عدالت اجازت دے تو شاید بات کروا دی جائے۔ قبل ازیں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت میں سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی، جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے سماعت کی۔ عدالت نے 15 ستمبر تک چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی بیٹوں سے بات کروانے کا حکم دے دیا، جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے 15 ستمبر تک عملدرآمد رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ 61

ملازمین کو ڈیوٹی سے متعلق ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیس شہریوں کی حفاظت۔ کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

بقیہ 62

آپریشن کیلئے 6 بڑے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز سے سفارشات پیش کریں گے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں انڈسٹریز کے فروغ کے لئے تمام تر ممکنہ سہولتیں اور وسائل مہیا کریں گے۔ نئی انڈسٹری لگانے اور پرانی انڈسٹری کو چلانے کیلئے کسی پریشانی کا سامنا نہیں ہوگا۔ 6 بڑے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز باہمی مشاورت سے جامع سفارشات پیش کریں گے۔ ون ونڈو آپریشن فنکشنل کرنے کیلئے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کی سفارشات کو مدنظر رکھا جائے گا۔ انڈسٹریز کے صوبائی محکموں سے متعلق امور ومسائل ایک ہی جگہ حل کئے جائیں گے۔ نئی انڈسٹریز کے قیام اور پرانی صنعتوں کو تمام این او سی ون ونڈو سنٹر سے جاری ہوں گے۔ بجلی اور گیس سے متعلق امور کیلئے وفاقی محکموں کو ون ونڈو سنٹر میں ڈیسک قائم کرنے کی سہولت دی جائے گی

بقیہ 63

سہ پہر 4 بجے تک ہوگا، افتتاحی تقریب کے روز شہریوں کو مفت روٹیاں مہیا کی گیں۔ تقریب میں فہیم مختار بٹ نے کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری کے اس دور میں سفید پوش کیلئے دو وقت کی روٹی خواب بن چکی ہے مہنگائی کے ستائے شہریوں کیلئے سستی روٹی تندور کا افتتاح ہوا کا تازہ جھونکا ثابت ہوگا، احساس ویلفیئر کی بھرپور کوشش ہوگی کہ اس کار خیر کے کام کو زیادہ سے زیادہ پھیلایا جائے تاکہ لوگ سستے روٹی خرید سکیں انہوں نے کہا کہ مخیر حضرات اس نیکی کے کام میں ہمارے ساتھ صرف راشن پہنچا کر شامل ہوسکتے ہیں یہ پروجیکٹ صرف احساس ویلفیئر کا ہی ہے اس میں ہماری کوشش ہے کہ کسی سے بھی مالی مدد نہ لی جائے

بقیہ 64

کہا کہ دشمن عناصر کی طرف سے دہشت گردی کے گھناؤنے واقعات انتہائی قابل مذمت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات پاکستانی عوام اور سکیورٹی فورسز کے ملک کی بقا اور سلامتی کے عزم کو نہیں توڑ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ ڈٹ کر دہشت گردی کا مقابلہ کیا اور آئندہ بھی اسی طرح کرتا رہے گا، ملک دشمن اور سازشی عناصر پہلے بھی ناکام ہوئے ہیں اور آئندہ بھی ناکام ہوں گے

بقیہ 65

انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ بتایا گیا ہے کہ متحدہ عرب امارات چین اور امریکہ کے بعد پاکستان کا تیسرا بڑا تجارتی شراکت دار ہے، اسے پاکستان سے جغرافیائی قربت کی وجہ سے ایک مثالی برآمدی مقام کے طور پر بھی دیکھا جاتا ہے جس سے نقل وحمل اور مال برداری کے اخراجات کم ہوتے ہیں، خلیجی ملک ایک اندازے کے مطابق 1.8 ملین پاکستانی تارکین وطن کا گھر بھی ہے اور سعودی عرب کے بعد 240 ملین سے زیادہ کی جنوبی ایشیائی قوم کے لیے ترسیلات کا دوسرا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا ہے

بقیہ 66

پر پاکستان مسلم لیگ ن کے فرمان علی نے 4899 ووٹ حاصل کیے۔ جب کہ پیپلز پارٹی کے امیدوار عبدالحمید خان نے 4125 ووٹ حاصل کیے۔ سابق وزیراعلی گلگت بلتستان خالد خورشید کی خالی ہونے والی نشست پر بروز ہفتہ 9 ستمبر 2023 کو استور جی بی 13 حلقہ 1 میں ضمنی الیکشن صبح 8 بجے سے شروع ہوا جو شام 5 بجے تک جاری رہا۔ استور حلقہ ون میں ٹوٹل 56 پولنگ اسٹیشن بنائے گئے، 12 پولنگ اسٹیشن کو حساس جبکہ 44 پولنگ اسٹیشن کو نارمل قرار دیا گیا۔ استور این اے 13 حلقہ ون میں کل ووٹرز کی تعداد 33378 ہے، مرد ووٹرز کی تعداد 18231 جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 15147 ہے۔ صبح 8 بجے سے لے کر شام 5 بجے تک پولنگ پرامن طریقے سے جاری وساری رہی

بقیہ 67

رہیں گی، آمریت کے خلاف ان کی بہادری، سیاسی بصیرت اور جدوجہد تاریخ کا ایک ناقابل فراموش باب ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بیگم کلثوم نواز نے مشکل کی گھڑی میں سیاسی میدان میں قدم رکھا اور ایسا شاندار کردار نبھایا جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی کارکنوں کے لئے وہ ایک شفیق والدہ کی طرح تھیں، وہ سراپا خیر خواہی اور دانائی تھیں علم وادب سے انہیں خصوصی محبت تھی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام، قرآن اور مشرقی روایات ہی ان کی پہچان تھی، ذاتی حوالے سے بڑی بہن کے طور پر ان کی شفقت، راہنمائی اور مخلصانہ مشورے میرا قیمتی اثاثہ ہے، افسوس! دنیا سے رخصت ہوتے

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کا ملتان میں نشتر ہسپتال ٹو کا دورہ

نشتر ٹو ہسپتال ملتان اور گردونواح کے عوام کی اشد ضرورت ہے، منصوبے کو جلد مکمل کر کے فنکشنل کیا جائے: محسن نقوی

وزیراعلیٰ محسن نقوی کا ملتان انسٹی ٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز کا دورہ، ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ملتان میں نشتر ہسپتال ٹو کا دورہ کیا، آوٹ ڈور شعبے کے مختلف حصے دیکھے۔ زیر تکمیل ایمرجنسی، ویٹنگ ایریا، ایڈمن بلاک اور ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ کا معائنہ کیا۔ فارمیسی، آپریشن تھیٹرز، سی ٹی سکین اور بیسمنٹ کا بھی وزٹ کیا اور سرائے اور کیفے کا بھی دورہ کیا۔ سیکرٹری تعمیرات و مواصلات اور نشتر ٹو کے پراجیکٹ ڈائریکٹر نے پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے تعمیراتی اور دیگر امور کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے اور نشتر ٹو کو جلد فنکشنل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نشتر ٹو ہسپتال ملتان اور گردونواح کے عوام کی اشد ضرورت ہے اور اس منصوبے کی تکمیل سے نشتر ہسپتال پر بوجھ کم ہوگا۔ صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری (بقیہ نمبر 32)



اسلام آباد: صدر مملکت کی جانب سے کسی بھی وقت الیکشن کی تاریخ دیئے جانے کا امکان

پاک افغان مذاکرات ناکام، طورخم بارڈر چھٹے روز بھی بدستور بند

ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستانی حکام نے افغان عہدیداروں کو بتایا ہے کہ سرحد کھولنے کا فیصلہ وفاقی حکومت نے کرنا ہے

تاہم بعض پاکستانی عہدیداروں نے اپنے طور پر بتایا ہے کہ پاکستان اپنے علاقے میں کسی قسم کے تعمیراتی کام کی اجازت نہیں دے گا

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان اور افغان حکام کے درمیان طورخم بارڈر کھولنے کیلئے مذاکرات بے نتیجہ ختم ہوگئے جب کہ سرحدی گزرگاہ چھٹے روز بھی بدستور بند ہے۔ طورخم سرحدی گزرگاہ 6 ستمبر کو پاکستانی اور افغان فورسز کے درمیان جھڑپ کے بعد بند کردی گئی تھی، جھڑپ اس وقت شروع ہوئی تھی جب افغان فورسز نے پاکستان حدود میں ایک چوکی تعمیر کرنے کی کوشش کی جسے پاکستانی فوج نے دونوں ملکوں کے مابین معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے روک دیا تھا۔ افغانستان کی طالبان حکومت کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے تبادلے میں اس کے 2 سرحدی محافظ ہلاک ہوگئے ہیں، اس واقعے کے بعد سرحد بدستور بند ہے، دونوں ملکوں کے حکام کے مابین سرحد کھولنے کے معاملے پر مذاکرات ہوئے لیکن ان کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ (بقیہ نمبر 33)



کراچی: بانی پاکستان انسانی آزادی کے علمبردار تھے: آصف علی زرداری

پشاور دھماکے میں 1 سکیورٹی اہلکار شہید، 10 افراد زخمی

زخمیوں میں 7 اہلکار اور 3 شہری شامل ہیں، 5 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا، پولیس

بارودی مواد پھٹنے سے دھماکہ ہوا۔ بی ڈی یو اور سی ٹی ڈی ٹیمیں شواہد اکٹھا کرنے میں مصروف ہیں

پشاور (کرائم رپورٹر) ورسک روڈ پر گاڑی کے قریب ہونے والے دھماکے میں 1 سکیورٹی اہلکار شہید ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق پشاور کے ورسک روڈ پر سکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ ہوا۔ دھماکے کے نتیجے میں 1 اہلکار شہید، جبکہ 10 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق زخمیوں میں 7 سکیورٹی اہلکار اور 3 شہری شامل ہیں، زخمی سکیورٹی اہلکاروں کو سی ایم ایچ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ سی سی پی او اشفاق انور نے کہا کہ بارودی مواد سڑک کنارے نصب کیا گیا تھا، بارودی مواد پھٹنے سے دھماکہ ہوا۔ بی ڈی یو (بقیہ نمبر 35)

نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان آمد

زرعی یونیورسٹی کے پروفیسرز، ریسرچرز اور فارمرز سے مشاورتی سیشن

ریسرچ کے فروغ کیلئے حتمی سفارشات کی تیاری کیلئے وزارتی کمیٹی کا اعلان

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان کا دورہ کیا اور زرعی یونیورسٹی کے پروفیسرز، ریسرچرز اور فارمرز سے مشاورتی سیشن کیا، جس میں زرعی ریسرچ کو پائیدار انداز میں فروغ دینے پر اتفاق ہوا۔ وزیراعلیٰ نے زرعی ریسرچ کے فروغ کیلئے حتمی سفارشات کی تیاری کے لیے وزارتی کمیٹی کا اعلان کیا۔ کمیٹی میں صوبائی وزراء ایس ایم تنویر، بلال افضل، جاوید اکرم اور ابراہیم مراد شامل ہیں۔ کمیٹی تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کر کے جامع پلان پیش (بقیہ نمبر 34)



اسلام آباد: نگران وزیراعظم کی حجاج کی سہولیات اور شکایات کیلئے موبائل ایپ بنانے کی ہدایت

راولپنڈی پولیس کا اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن

قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 02 اشتہاریوں سمیت 04 اشتہاری مجرمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کا اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن، قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 02 اشتہاریوں سمیت 04 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان شاہ زیب اور محبوب کو گرفتار کرلیا، شاہ زیب اور محبوب نے سابقہ رنجش کی بناء پر فائرنگ کر کے یاسر کو قتل اور غضنفر کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں رواں سال تھانہ کلر (بقیہ نمبر 36)

سائفر کیس، عمران خان اور شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت الگ سنی جائے گی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عمران خان اور شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت الگ سنی جائے گی، عدالت نے ایف آئی اے کی دائر درخواست پر محفوظ سنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی خصوصی عدالت میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی درخواست ضمانت قابل سماعت ہونے کیخلاف ایف آئی اے کی اعتراضات سے (بقیہ نمبر 37)

طغیانی سے متاثرہ اضلاع میں پی ڈی ایم اے کا ریلیف آپریشن جاری ہیں

متاثرہ اضلاع میں 236 کشتیوں کے ذریعے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا

ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے ستلج میں سیلاب سے 595 دیہات متاثر ہوئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) دریائے ستلج میں طغیانی سے متاثرہ اضلاع میں پی ڈی ایم اے کا ریلیف آپریشن جاری ہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے ستلج میں سیلاب سے 595 دیہات متاثر ہوئے جن میں سے 145 دیہاتوں میں کاروبار زندگی مکمل طور پر بحال ہو چکے ہیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران قریشی کا کہنا تھا کہ متاثرہ اضلاع میں 236 کشتیوں کے ذریعے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو آپریشن کے لئے ایک ہزار اہلکاروں نے دن رات فرائض منصبی سرانجام دیئے۔ اور تین ہزار سے زائد لائف جیکٹس متاثرہ اضلاع میں تقسیم کی گئیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ متاثرہ اضلاع میں 106 میڈیکل کیمپ عوام کی دن رات خدمت میں مگن رہے۔ ہنگامی صورت حال کے پیش نظر 16 ایمبولینس متاثرہ علاقوں میں موجود رہیں۔ 55 ہزار سے زائد افراد نے حکومتی میڈیکل کیمپوں سے علاج معالجہ کروایا نیز 179 ریلیف کیمپس بھی متاثرہ علاقوں میں (بقیہ نمبر 38)

سابق وزیراعظم شہباز شریف کی ورسک روڈ پر دھماکے کی مذمت

لندن (نیوز ڈیسک) سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے پشاور میں ورسک روڈ پر دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنے بیان میں سابق وزیراعظم نے شہید اہلکار اور زخمی افراد سے اظہار ہمدردی کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے نجات میں ہی قوم کی بقا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے (بقیہ نمبر 39)

سانحہ بلدیہ کیس خراب کرنے والوں کا ٹھکانہ جہنم ہے، رؤف صدیقی

پاکستان کی زبوں حالی کی وجہ انصاف کا دہرا معیار ہے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (نامہ نگار) سابق وزیر رؤف صدیقی نے کہا ہے کہ سانحہ بلدیہ کیس خراب کرنے والوں کا ٹھکانہ جہنم ہے، پاکستان کی زبوں حالی کی وجہ انصاف کا دہرا معیار ہے۔ سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے بعد میڈیا سے گفتگو میں رؤف صدیقی نے کہا کہ فیصلہ ہوگیا ہم بے گناہ ہیں، 8 سال میں ہماری 7800 پیشیاں ہوئیں کیس کو خراب لاپرواہی برتنے والوں کا ٹھکانہ جہنم ہے، فضل کا جیل میں انتقال ہوگیا ہے آج عدالت نے اس کو بری کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی زبوں حالی کی وجہ انصاف کا دہرا معیار (بقیہ نمبر 40)

سویلین کا ملٹری ٹرائل غیر آئینی کسی طور سے قبول نہیں عابد زبیری

آفیشل و آرمی ترمیمی ایکٹ کی آڑ میں بنیادی حقوق کی پامالیاں ہورہی ہیں، عدلیہ، ججز کی تضحیک تسلیم نہیں کریں گے

الیکشن کمیشن حیلے بہانے سے انتخاب آئینی مدت میں کروانے سے گریزاں ہے، صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن عابد زبیری نے کہا ہے کہ سویلین کا ملٹری ٹرائل غیر آئینی ہے، کسی طور قبول نہیں، آفیشل و آرمی ترمیمی ایکٹ کی آڑ میں بنیادی حقوق کی پامالیاں ہو رہی ہیں، عدلیہ، ججز کی تضحیک تسلیم نہیں کریں گے، الیکشن کمیشن حیلے بہانے سے انتخاب آئینی مدت میں کروانے سے گریزاں ہے، امید ہے نامزد چیف جسٹس آئین و قانون پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق نئے عدالتی سال کے آغاز پر منعقدہ تقریب سے خطاب میں صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن عابد زبیری نے کہا کہ موسم گرما کی تعطیلات کے باوجود سپریم کورٹ کا عام آدمی (بقیہ نمبر 41)

پاکستان گیٹ طورخم

اسلام آباد: پاک افغان مذاکرات ناکام، طورخم بارڈر چھٹے روز بھی بدستور بند، تصویری مناظر

بھارت کو یورپ سے جوڑنے جیسا خواب آج دنیا کے بیس ملک دیکھ رہے ہیں، پرویز رشید

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق وفاقی وزیر سینیٹر پرویز رشید نے اپنے ایک ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ بھارت کو یورپ سے جوڑنے کا جیسا خواب آج دنیا کے بیس ملک دیکھ رہے ہیں ویسے ہی خواب کی عملی تکمیل ایک پاکستانی وزیراعظم نے 33 سال قبل موٹر وے کے ذریعے شروع کر دی تھی۔ ہم نے اسے جیلوں میں ڈالا، جلا وطن کیا، پیاروں سے محروم کیا، بیٹی کو اذیتوں (بقیہ نمبر 44)

ارشد شریف قتل کیس: ناقابل ضمانت وارنٹ ہونے کے باوجود گواہان عدالت پیش نہ ہوئے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں ارشد شریف قتل کیس کی سماعت ہوئی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ محمد عباس شاہ نے تحریری حکمنامہ جاری کر دیا۔ عدالت نے ارشد شریف کی اہلیہ اور پروڈیوسر کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کرنے کا تحریری حکمنامہ جاری کیا۔ تحریری حکمنامے میں کہا گیا ہے کہ ناقابل ضمانت وارنٹ ہونے کے باوجود گواہان عدالت پیش نہ ہوئے، کیس (بقیہ نمبر 45)

آڈیو لیک کا معاملہ، بشریٰ بی بی نے پولیس اور ایف آئی اے کے خلاف عدالت سے رجوع کرلیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور سابق معاون خصوصی زلفی بخاری کی مبینہ آڈیو لیک کچھ عرصہ قبل لیک ہوئی تھی۔ بشریٰ بی بی نے پولیس اور ایف آئی اے کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا۔ بشریٰ بی بی نے درخواست سردار لطیف کھوسہ کی وساطت سے دائر کی۔ درخواست میں پیمرا کو بھی فریق بنایا گیا۔ انہوں نے درخواست میں موقف اپنایا کہ گھر کی ٹیلیفون کو ریکارڈنگ کو غیر قانونی اور اختیار سے تجاوز قرار دیا جائے، یہ بھی قرار دیا جائے کہ اس (بقیہ نمبر 47)

ہم دو وقت کی روٹی پوری نہیں کر پا رہے، بچوں کی سکول فیس بھرنا بھی مشکل ہوگیا

حکمران طبقہ ہم غریبوں پر رحم کرنے کے بجائے ہم پر مزید بوجھ ڈال رہا ہے شہری حلقے

موجودہ حالات میں ہم اپنے مردوں کا ہاتھ بٹانے کی خاطر کام کاج کر رہی ہیں

گوجر خان (قمر شہزاد) بڑھتی ہوئی مہنگائی، پیٹرولیم مصنوعات کے بڑھتے نرخوں اور بھاری بھرکم بلوں نے غریب کی زندگی اجیرن کر کے رکھ دی مزدور دیہاڑی دار طبقہ بری متاثر حالیہ پیٹرولیم مصنوعات کے اضافے اور بھاری بھرکم بلوں کے حوالے سے کیے گے ایک عوامی سروے میں غریب محنت کش طبقے کے افراد نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم دو وقت کی روٹی بھی اب پوری نہیں کر پا رہے ہیں حتی کے بچوں کی سکولز کی فیسیں بھرنا بھی ہمارے لیے مشکل ہو چکا ہے بل جمع کروانے کی صورت میں گھروں میں فاقوں کی نوبت آ جاتی ہے محنت کش خواتین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا موجودہ حالات میں ہم اپنے مردوں کا ہاتھ بٹانے کی خاطر کام کاج کر رہی ہیں اس کے باوجود گزر بسر مشکل ہو چکی حکمران طبقہ ہم غریبوں پر رحم کرنے کے بجائے ہم پر مزید بوجھ ڈال رہا ہے مزید سول سوسائٹی کے افراد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس وقت اپنی تاریخ کے بدترین بحران سے گزر رہا ہے اور (بقیہ نمبر 48)

ملتان: نگران وزیراعلیٰ پنجاب کا ملتان میں نشتر ہسپتال ٹو کا دورہ

گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث جعلی وکیل گرفتار، نصیر آباد پولیس

لاکھوں روپے مالیت کی 02 چوری شدہ گاڑیاں برآمد، ملزم شفیق نے جعلی کارڈ تیار کر رکھا تھا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس کی اہم کاروائی، گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث جعلی وکیل گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کی 02 چوری شدہ گاڑیاں برآمد، ملزم شفیق نے جعلی کارڈ تیار کر رکھا تھا اور اپنے آپ کو وکیل ظاہر کرتا تھا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث جعلی وکیل شفیق کو گرفتار کرلیا، ملزم سے لاکھوں روپے مالیت (بقیہ نمبر 42)

ڈسٹرکٹ کی تاریخ میں پہلی بار خاتون ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج تعینات

اوکاڑہ (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ کی تاریخ میں پہلی بار خاتون ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج تعینات، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جزیلہ اسلم نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ڈسٹرکٹ بار ایسوسی (بقیہ نمبر 43)

بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن

مزید 87 افراد کو بجلی چوری میں ملوث ہونے پر ایک کروڑ جرمانہ

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیسکو کی بجلی چوری کے خلاف خصوصی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ فیسکو ریجن میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن میں مزید 87 افراد کو بجلی چوری میں ملوث ہونے پر ایک کروڑ سے زائد کے جرمانے عائد۔ حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات کی روشنی میں فیسکو ریجن میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کاروائیاں جاری ہیں۔ فیسکو کے زیر انتظام فیصل آباد فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، ٹوبہ، میانوالی اور سرگودھا آپریشن سرکلز کی اینٹی تھیفٹ ٹیموں نے گزشتہ روز دن اور رات کے اوقات میں چیکنگ کے دوران مزید 87 بجلی چوروں کو پکڑ لیا جو ڈائریکٹ (بقیہ نمبر 46)

کریک ڈاؤن کے دوران 80 لاکھ یونٹ کی بجلی چوری پکڑی گئی، پاور ڈویژن

اب تک 80 لاکھ یونٹ کی بجلی چوری پکڑی جا چکی ہے جب کہ 194 افراد کو گرفتار کیا گیا اور 35.2 کروڑ کا جرمانہ عائد کیا گیا

سرکاری ڈسکوز پولیس کے ہمراہ کارروائی عمل میں لا رہی ہیں۔ زیادہ چوری والے علاقوں میں ترجیحی بنیادوں پر کارروائی کی جارہی ہے

سیکرٹری پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی لمیٹڈ (لیسکو) اور ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) دیگر ڈسکوز سے بہتر کام کر رہی ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) بجلی کی مختلف تقسیم کار کمپنیوں) ڈسکوز (کی جانب سے بجلی چوری روکنے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ پاور ڈویژن کے مطابق اب تک 80 لاکھ یونٹ کی بجلی چوری پکڑی جا چکی ہے جب کہ 194 افراد کو گرفتار کیا گیا اور 35.2 کروڑ کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ سیکرٹری پاور ڈویژن کا کہنا ہے کہ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی لمیٹڈ) لیسکو (اور ملتان الیکٹرک پاور کمپنی) میپکو (دیگر ڈسکوز سے بہتر کام کر رہی ہیں۔ لیسکو میں بجلی چوری کے 1159 کیسز سامنے آئے۔ میپکو میں بجلی چوری کے 1317 کیسز رپورٹ ہوئے۔ سرکاری ڈسکوز پولیس کے ہمراہ کارروائی عمل میں لا رہی ہیں۔ زیادہ چوری والے علاقوں میں ترجیحی بنیادوں پر کارروائی کی جارہی ہے۔ بجلی کی مختلف تقسیم کار کمپنیوں) ڈسکوز (کی جانب سے بجلی چوری روکنے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ پاور ڈویژن کے مطابق اب تک 80 لاکھ یونٹ کی بجلی چوری پکڑی جا چکی ہے جب کہ 194 افراد کو گرفتار کیا گیا اور 35.2 کروڑ کا (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد: صدر ملک میں معاشی، سیاسی، آئینی بحران چاہتے ہیں، مریم اورنگزیب

گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی میں یوم دفاع کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ریلوے روڈ میں پرنسپل انجینئر محمد زبیر خان کی زیر صدارت ایک عظیم الشان پروگرام یوم دفاع کے حوالے سے منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے کیا گیا۔ جس کے بعد طلبا و طالبات نے یوم دفاع کے عنوان پر اپنی تقاریر پیش کیں۔ اسکے بعد طلبا نے ملی نغمے اور ترانے پیش کئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل انجینئر محمد زبیر خان نے کہا کہ ہمیں اپنی بہادر فوج کے ایک (بقیہ نمبر 53)

نواز شریف کا حمزہ شہباز کو ٹیلی فون، لندن بلا لیا

حمزہ شہباز انتخابات میں پارٹی امیدواروں سے متعلق قائد مسلم لیگ ن سے مشاورت کریں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) نواز شریف نے حمزہ شہباز کو لندن بلا لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کو ٹیلی فون کیا، نواز شریف نے حمزہ شہباز کو لندن طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز لاہور ائیر پورٹ سے غیر ملکی پرواز کے ذریعے لندن روانہ ہو گئے۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب لندن میں نواز شریف اور اپنے والد شہباز شریف سے ملاقات کریں گے جس میں موجودہ ملکی صورتحال اور نواز شریف کی وطن واپسی سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ حمزہ شہباز انتخابات میں پارٹی امیدواروں کے حوالے سے قائد مسلم لیگ ن سے مشاورت کریں گے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل حمزہ شہباز کا کہنا تھا کہ گزشتہ چار برس میں ملکی معیشت کے ساتھ کھلواڑ کیا گیا، مہنگائی کا دفاع نہیں کیا جاسکتا، مہنگائی نے لوگوں کی نیندیں اڑا دی ہیں۔ بجلی کے بل دینے کیلئے لوگ موٹر سائیکلیں بیچ رہے ہیں، لوگ بجلی کا بل دیتے ہیں تو والدین کی دوائی کے پیسے نہیں بچتے۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 52)

صدر مملکت پاکستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں عطا تارڑ

صدر کے عہدے کی مدت ختم ہونے کے بعد کوئی نوٹیفکیشن جاری ہوا؟ نگران حکومت صدر کا حکم ماننے سے باز رہے

صدر مملکت پاکستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں، آرمی چیف کا ایس آئی ایف سی کا اعلان احسن قدم ہے، عطا تارڑ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (خبر نگار) مسلم لیگ ن کے رہنما عطا تارڑ نے کہا عبوری صدر اگر انتخابات کی تاریخ کا اعلان کریں گے تو یہ غیر قانونی اور غیر آئینی ہوگا، صدر پاکستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔ عطا تارڑ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کیا صدر کے عہدے کی مدت ختم ہونے کے بعد کوئی نوٹیفکیشن جاری ہوا؟ نگران حکومت صدر کا حکم ماننے سے باز رہے، صدر مملکت پاکستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں، آرمی چیف کا ایس آئی ایف سی کا اعلان احسن قدم ہے۔ عطا تارڑ نے مزید کہا تاریخ کا اعلان کرنا الیکشن کمیشن کا کام ہے، صدر ڈاکٹر عارف علوی تاریخ کا اعلان کریں گے تو ملک میں بحران اور بے یقینی کی صورتحال پیدا کریں گے، اہم قانون و فیصلہ سازی میں ان کا بطور عبوری صدر کوئی کردار نہیں رہا، الیکشن کمیشن نے انتخابات کا اعلان کرنا ہے۔ عطا تارڑ نے کہا اب معیشت کو تھوڑا سنبھالا ملا ہے، ڈالر نیچے کی طرف آ رہا ہے، بیرون ملک سے انویسٹمنٹ اور معیشت کے حوالے سے حوصلہ افزا خبریں آ رہی ہیں، جیسے ہی معیشت (بقیہ نمبر 55)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے (بقیہ نمبر 56)

وہاڑی، پی ٹی آئی رہنما کا تحریری طور پر پارٹی چھوڑنے کا اعلان

9 مئی کے واقعات سے پاکستان اور فوج کی ساکھ کو نقصان پہنچا

غیر معینہ مدت کے لیے سیاست سے علیحدگی کا اختیار کرتا ہوں، میاں محمد افضل کریم بیٹو

وہاڑی (سٹاف رپورٹر) وہاڑی سے تعلق رکھنے والے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما میاں محمد افضل کریم بیٹو نے پارٹی چھوڑنے کا تحریری طور پر اعلان کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتا ہوں اور پاکستان تحریک انصاف کو خیر باد کہتا ہوں۔ میں پاکستان تحریک انصاف سے لاتعلقی کا اعلان کرتا ہوں۔ میرا اس پارٹی سے کوئی تعلق نہیں۔ 9 مئی سے پاکستان اور فوج کی ساکھ کو نقصان پہنچا۔ پاکستان ہیں تو ہم ہیں، غیر معینہ مدت کے لیے سیاست سے علیحدگی کا اختیار کرتا ہوں۔ صحت کے مسائل کی وجہ سے پارٹی تاخیر سے چھوڑی۔ ابھی کسی پارٹی کو جوائن نہیں کر رہا۔ قبل ازیں تحریک انصاف کے سابق وزیر اطلاعات پنجاب صمصام بخاری نے استحکام پاکستان پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ پریس کانفرنس میں صمصام بخاری نے کہا کہ وہ 9 مئی کے واقعہ کی پرزور مذمت کرتے ہیں، جو ہوا وہ نہیں ہونا چاہیے تھا، ہم سب میں ایک چیز مشترک ہے اور وہ ہے پاکستان، جس کے لئے تمام پارٹیوں اور اداروں کو ایک پیج پر ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پارٹی منشور اور پاکستان کے لئے کام کریں گے، انہیں 9 مئی کے منصوبے کا کوئی علم نہیں تھا، یہ مصنوعی ذہانت کا دور ہے، کوئی کچھ بھی کر سکتا ہے۔ اس موقع پر آ (بقیہ نمبر 54)

سکری ٹاور حملہ کیس، خدیجہ شاہ نے دوبارہ جسمانی ریمانڈ دینے کا اقدام عدالت میں چیلنج کر دیا

لاہور (نیوز ڈیسک) خدیجہ شاہ نے دوبارہ جسمانی ریمانڈ دینے کا اقدام عدالت میں چیلنج کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں خدیجہ شاہ نے عسکری ٹاور کے مقدمے میں دوبارہ جسمانی ریمانڈ دینے کے اقدام کیخلاف درخواست دائر کر دی ہے، خدیجہ شاہ کی جانب سے سمیر کھوسہ ایڈووکیٹ نے درخواست دائر کی۔ درخواست میں (بقیہ نمبر 51)

چیف جسٹس عمر عطا بندیال کا فل کورٹ ریفرنس نہ ہونے کا امکان

میں نے ابھی تک اس بارے میں نہیں سوچا اور فیصلہ نہیں کیا،

چیف جسٹس کا صحافی کے سوال ’کیا آپ فل کورٹ ریفرنس لے رہے ہیں‘ کا جواب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیف جسٹس عمر عطا بندیال کا فل کورٹ ریفرنس نہ ہونے کا امکان ہے۔ صحافی نے چیف جسٹس عمر عطا بندیال سے سوال کیا کہ کیا آپ فل کورٹ ریفرنس لے رہے ہیں۔ جس کا جواب دیتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا کہ میں نے ابھی تک اس بارے میں نہیں سوچا اور فیصلہ نہیں کیا۔ جب نامزد چیف جسٹس قاضی فائز عیسی سے سوال کیا گیا کہ کیا چیف جسٹس کو فل کورٹ ریفرنس دیا جا رہا ہے تو انہوں نے کہا کہ ہم بھی انتظار کر رہے ہیں جیسے پتہ چلے گا بتا دیں گے۔ نامزد چیف جسٹس قاضی فائز عیسی نے مزید کہا کہ ویسے انہوں نے آج تقریر میں تو کہا ہے کہ شاید یہ (بقیہ نمبر 50)

عمران خان کی بیٹوں سے بات نہیں کروائی جا رہی، علیمہ خان

کافی وقت ہوگیا عمران خان کی اپنے بچوں سے بات نہیں ہوئی، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان بھی عدالت پہنچ گئیں۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ عمران خان کی اپنے بچوں سے بات کروائی جائے گی۔ انہوں نے صحافی کے سوال کے جواب میں کہا کہ عمران خان کے بچے والد سے بات کرنا چاہ رہے ہیں لیکن ان کو اجازت نہیں دی جا رہی۔ کافی وقت ہو گیا عمران (بقیہ نمبر 60)

لاہور: پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس طلب کرلیا گیا

لاہور کے ماحولیاتی نمونے میں پولیو وائرس کی تصدیق

ملک میں مثبت نمونوں کی تعداد 22 ہوگئی ہے، نگران وفاقی وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نگران وفاقی وزیر برائے صحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ لاہور کے ماحولیاتی نمونے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے، جس کے بعد ملک میں مثبت ماحولیاتی نمونوں کی تعداد 22 ہوگئی ہے۔ پیر کو ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قومی ادارہ صحت میں قائم پولیو لیبارٹری کے مطابق لاہور میں ملتان روڈ سے لیے گئے سیوریج کے نمونے میں پولیو وائرس پایا گیا ہے، جس کے بعد ملک میں مثبت ماحولیاتی نمونوں کی تعداد 22 ہوگئی ہے۔ ڈاکٹر ندیم جان نے کہا کہ لاہور سے رواں سال اب تک چار ماحولیاتی نمونے رپورٹ ہو چکے ہیں جن میں سے تین نمونے جینیاتی طور پر افغانستان میں وائرس سے جڑے ہیں، شہر میں آخری پولیو کیس جولائی 2020 میں رپورٹ ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کہیں بھی وائرس کی موجودگی ہمیشہ تشویش کی بات ہے تاہم پاکستان پولیو پروگرام نے حالیہ ماہ میں پولیو سرویلنس کے نظام کو مزید وسیع کیا ہے، رواں سال پولیو لیب نے 1,700 سے زائد ماحولیاتی نمونے ٹیسٹ (بقیہ نمبر 57)

بجلی کی چوری پکڑ لی، بجلی چوری کرنے والے صارف محمد جاوید کے خلاف استغاثہ دائر کر دیا

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیسکو ٹاسک فورس نے کھرڑیانوالہ کے علاقہ 194 رب جناح آبادی میں کامیاب چھاپہ مار کر بجلی کی چوری پکڑ لی، بجلی چوری کرنے والے صارف محمد جاوید کے خلاف استغاثہ دائر کر دیا۔ تفصیل کے مطابق ایس ڈی او کھرڑیانوالہ سب ڈویژن حماد غفور کی نگرانی میں فیسکو ٹیم نے چیکنگ کے دوران 194 رب کی جناح آبادی (بقیہ نمبر 58)

اوکاڑہ احساس ادارے کی نشاندہی پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی اسسٹنٹ کمشنر اور پولیس کے ہمراہ بھرپور کاروائی

اوکاڑہ (سٹاف رپورٹر) احساس ادارے کی نشاندہی پر فوڈ اتھارٹی کی بھرپور کاروائی فوڈ اتھارٹی کی ٹیم عبدالعظیم۔ مس طاہرہ۔ محمد فہد شفقت اور ان کی ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر غلام مصطفیٰ جٹ اور پولیس کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے 6 فور ایل (بقیہ نمبر 59)

ڈی پی او سیالکوٹ کا علی الصبح بنک و عدالت میں سکیورٹی انتظامات کا معائنہ، انتظامات تسلی بخش قرار

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) سیالکوٹ محمد حسن اقبال نے علی الصبح بینک و عدالت میں سکیورٹی انتظامات کا معائنہ کیا اور انہیں تسلی بخش قرار دیا۔ اس موقع پر ڈی پی او نے سکیورٹی پر تعینات گارڈز و پولیس (بقیہ نمبر 61)

پشاور: پشاور: سکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکا، ایک اہلکار شہید، متعدد زخمی

پاکستان اور یو اے ای کے درمیان جلد فری ٹریڈ معاہدے کا امکان

یہ دورہ تجارت، سرمایہ کاری اور معیشت کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے

متحدہ عرب امارات چین اور امریکہ کے بعد پاکستان کا تیسرا بڑا تجارتی شراکت دار ہے

اسلام آباد/ابوظہبی (جنرل رپورٹر) پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان رواں ماہ کے آخر تک آزاد تجارتی معاہدے پر دستخط ہونے کا امکان ہے۔ سرکاری میڈیا کے مطابق وفاقی وزیر تجارت، صنعت و پیداوار ڈاکٹر گوہر اعجاز نے توقع ظاہر کی ہے کہ ستمبر کے آخری ہفتے میں متحدہ عرب امارات کے وفد کے دورے کے دوران آزاد تجارتی معاہدے (ایف ٹی اے) پر دستخط ہوں گے، ان کا کہنا ہے کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان ایف ٹی اے کو حتمی شکل دینے کے لیے ستمبر کے آخر میں اماراتی وفد کے دورے کا منصوبہ بنایا گیا ہے، یہ دورہ تجارت، سرمایہ کاری اور معیشت کے حوالے سے (بقیہ نمبر 65)

سپیکر قومی اسمبلی کا پشاور میں ورسک روڈ پر سکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکے پر اظہار تشویش

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے پشاور میں ورسک روڈ پر سکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکے پر اظہار تشویش کرتے ہوئے تمام متاثرہ افراد کی صحت یابی کے لیے دعا کی ہے۔ پیر کو اپنے پیغام میں انہوں نے (بقیہ نمبر 64)

احساس ویلفیئر لاہور کے زیر اہتمام سستی روٹی تندور کا افتتاح

شہریوں کو پانچ روپے میں روٹی دستیاب ہوگی تندور کا ٹائم دوپہر 12 سے سہ پہر 4 بجے تک ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) احساس ویلفیئر لاہور کے زیر اہتمام سستی روٹی تندور کا افتتاح کیا گیا جس میں اہل محلہ اور احساس ٹیم ممبرز نے جوش و خروش سے حصہ لیا اور مخیر حضرات کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ خیر کے اس موقع پر اللہ تعالیٰ سے مدد و نصرت اور قربانی کے اس جذبے کو سلامت رکھنے کی دعا کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق احساس ویلفیئر لاہور کی طرف سے تلہ فلیٹ نزد تھانہ لیاقت آباد، ماڈل ٹاؤن میں سستی روٹی تندور کا افتتاح کیا گیا جس پر شہریوں کو پانچ روپے میں روٹی دستیاب ہوگی تندور کا ٹائم دوپہر 12 سے (بقیہ نمبر 63)

شہباز شریف کی بیگم کلثوم نواز کی وفات کو پانچ سال مکمل ہونے پر خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے بیگم کلثوم نواز کی وفات کو پانچ سال مکمل ہونے پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بڑی بہنوں کی طرح بھابھی بیگم کلثوم نواز ہماری دعاؤں اور یادوں میں زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ (بقیہ نمبر 67)

استور میں ضمنی الیکشن کا سرکاری نتیجہ جاری کر دیا گیا

محمد خورشید خان نے 6164 ووٹ حاصل کر کے نشست اپنے نام کر لی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) استور میں ضمنی الیکشن کا سرکاری نتیجہ جاری کر دیا گیا۔ تحریک انصاف کے خورشید خان کامیاب ہو گئے۔ استور ضمنی الیکشن میں تحریک انصاف نے میدان مار لیا، حلقہ جی بی 13 استور 1 کے تمام پولنگ اسٹیشنز کا سرکاری نتیجہ جاری کر دیا گیا جس کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے خورشید شاہ نے 6164 ووٹ حاصل کر کے نشست اپنے نام کر لی۔ دوسرے نمبر (بقیہ نمبر 66)

پنجاب ورکرز کی کم از کم اجرت 32 ہزار روپے کرنے کی منظوری دے دی گئی

کابینہ کے اجلاس میں میٹرو بس اور اورنج لائن میں بزرگوں، معذور افراد اور طلبا کو فری سہولت دینے کی منظوری بھی دے دی گئی

پنجاب کابینہ کے اجلاس میں میٹرو بس اور اورنج لائن میں بزرگوں، معذور افراد اور طلبا کو فری سہولت دینے کی منظوری بھی دے دی گئی

ملتان (سٹاف رپورٹر) پنجاب کی نگران کابینہ نے ورکرز کی کم از کم اجرت 32 ہزار روپے کرنے کی منظوری دے دی۔ ملتان میں ہوئے کابینہ اجلاس میں 39 نکاتی ایجنڈا زیر غور آیا۔ نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے پنجاب کابینہ کا 25 واں اجلاس آج ملتان میں طلب کیا تھا۔ اجلاس جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے سے متعلقہ اہم امور اور مختلف محکموں کے ایجنڈے پر غور کیا گیا، صوبائی وزراء، مشیران، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی، نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی نے فوری طور پر نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دے دیا۔ کابینہ کے اجلاس میں میٹرو بس اور اورنج لائن میں بزرگوں، معذور افراد اور طلبا کو فری سہولت دینے کی منظوری بھی دے دی گئی۔ قبل ازیں نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی سے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدور نے وزیراعلیٰ آفس میں ملاقات کی، جس میں پنجاب میں صنعتوں کے فروغ کے لئے تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صنعتوں کیلئے ون ونڈو (بقیہ نمبر 62)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035